100
شرعی مسائل کا مجموعہ
(حصہ 11)
مصنف
ابوالبنات
فراز عطاری مدنی
نظر ثانی
ابو احمد
مفتی انس رضا قادری
دامت برکاتہم العالیہ

الحمد للہ اب تک 37 کتابیں پی ڈی ایف کی صورت میں آچکی ہیں جن میں سے 8 اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے رسالوں کی تلخیص ہیں۔

رسالوں کے نام یہ ہیں

(1) نبی ہمارے بڑی شان والے (تجلی الیقین)
(2) والدین مصطفی جنتی جنتی (شمول الاسلام)
(3) دافع البلاء (الامن و العلی)
(4) نبی مختار کل ہیں (منیۃ اللبیب)
(5) دیدار خدا (منیۃ المنیۃ)
(6) نور مصطفی (صلات الصفا)
(7) سایہ نہیں کوئی (نفی الفیئ)
(8) رحمت کا سایہ (قمر التمام)

باقی کتابوں کے نام یہ ہیں

(9) خلاصہ تراویح (30 پاروں کا اردو خلاصہ)
(10) ھدایۃ البریۃ فی شرح الاربعین النوویہ (اربعین نوویہ کا اردو خلاصہ)
(11) اعلی حضرت اور فن شاعری
(12) غزوہ بدر اور فضائل اہل بدر
(13) جنت البقیع میں آرام فرما چند صحابہ کرام
(14) درس سیرت

(15) پیارے نبی کے پیارے نام

(16) الادعیۃ النبویۃ من الاحادیث المصطفویہ (نبوی دعائیں)

(17) قواعد المیراث

(18) شان صدیق اکبر

(19) خلافت فاروق اعظم

(20) فیضان عثمان غنی

(21) سیرت عبد اللہ شاہ غازی

(22) قیام پاکستان اور علماء اہلسنت

(23) واقعہ کربلا (مختصر)

(24) عدت اور سوگ کے احکام

(25) رزق حلال کے فضائل اور حرام کی نحوستیں

(26) سجدہ سہو کے مسائل

(27) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 1)

(28) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 2)

(29) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 3)

(30) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 4)

(31) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 5)

(32) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 6)

(33) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 7)

(34) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 8)

(35) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 9)
(36) 100 شرعی مسائل کا مجموعہ (حصہ 10)
(37) امیر اہلسنت اور فن شاعری

فہرست

احادیث وروایات

1- مصافحہ کے وقت درود
2- جنازے کو لے کر چالیس قدم چلنا
3- قبلہ کی طرف رخ کر کے بیٹھنا
4- نجد میں فتنے
5- حافظ اپنے گھر والوں کی شفاعت کرے گا
6- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین اور دادا کا ایمان
7- حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد
8- مکھی کے ایک پر میں شفا
9-ابراہیم کا معنی
10-مدینے میں رب کو چلتے دیکھا

طہارت

11-ناپاک کپڑا پاک کپڑوں کے ساتھ دھل گیا
12-ناپاک شخص کا جھوٹا
13-نیگلیریا کی وجہ سے ناک میں پانی نہ ڈالنا
14-اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو
15-وضو و غسل میں انگوٹھی کو حرکت دینا
16-کپڑے کا کون سا حصہ ناپاک ہے معلوم نہیں

17-دوسرے کو تیمم کروانا
18-پلاسٹک کے برتن پاک کرنے کا طریقہ
19-نماز میں سورہ فاتحہ کا تکرار

نماز

20-ایک درہم سے کم خون لگا تو نماز
21-نماز میں کچھ کھانا
22-دو ستونوں کے درمیان صف بنانا
23-کرتا اتار کر نماز پڑھنا
24-امام پانچویں کے لئے کھڑا ہو جائے
25-جیب میں ناپاک کپڑا رکھ کر نماز
26-امام کے سلام پھیرنے تک مقتدی سجدے میں
27-نماز میں شرٹ کا بٹن کھلا ہو
28-کام کاج کے کپڑوں میں نماز
29-قنوت نازلہ
30-امام کا مسبوق کی طرف رخ کر کے بیٹھنا
31-نمازی کے آگے سے گزرنے کا طریقہ

زکوٰۃ

32-ڈومین پر زکوۃ

حج/عمرہ

33-حج کی چند اصطلاحات

34-حالت احرام میں ٹوتھ پیسٹ
35-احرام میں تعویذ پہننا
36-احرام میں موذی جانور مارنا
37-سفر حج کے دوران ہمبستری
38-احرام میں چادر سے پاؤں چھپ جائیں
39-احرام میں غسل

نکاح

40-بہنوئی کی دوسری بیوی کی بیٹی سے نکاح
41-سسر سے نکاح
42-چچا زاد بھائی کی بیٹی سے نکاح

طلاق/عدت

43-خلوت صحیحہ سے پہلے طلاق
44-طلاق کا جھوٹا اقرار

قسم

45-رمضان کے آخری دس دن ہمبستری نہ کرنے کی قسم
46-فلاں چیز میرے اوپر حرام ہے

قربانی

47-قربانی کے مسائل حصہ ایک

48-قربانی کے مسائل حصہ دو
49- قربانی کے مسائل حصہ تین
50- قربانی کے مسائل حصہ چار
51- قربانی کے لئے پالے ہوئے جانور کو بیچنا
52-عمرہ کریں یا قربانی
53-بیرون ملک سے قربانی
54-جانور کا دو دانت ہونا
55-قربانی کا جانور مر گیا
56-دوسرے طرف سے کی جانے والی قربانی کا گوشت
57-جانور کی گردن پر رسولی
58-گائے کے تین تھن خشک ہوں
59-قربانی کے جانور نے بچہ دے دیا
60-ایک گائے میں تین افراد کی شرکت
61-قربانی کی شرعی حیثیت
62-فجر کے بعد جانور ذبح کرنا
63-جانور کی پیدائشی گلٹی ہو
64-لمبی اسکن والا جانور
65- بکرا لنگڑا کر چلتا ہو
66- بکرے کا ایک سینگ ٹوٹ گیا
67-جانور کی کھال امام کو دینا
68-حاجت سے زیادہ کپڑے اور سامان

69-جانوروں کے نام رکھنا
70-حاجت اصلیہ کی تعریف
71-حلال جانوروں کی کھال کھانا
72-غیر مسلم کو قربانی کا گوشت دینا
73-نماز عید سے پہلے قربانی
74-جانور کی آنکھ میں چوٹ
75-قربانی کے جانور کے پائے بیچنا
76-حاملہ جانور کی قربانی
77-قربانی کا جانور چوری ہو گیا

خواتین کے مسائل

78-دس دن کے اندر دوبارہ خون آجائے
79-نماز میں عورت کی کلائی کھل جائے

جائز وناجائز

80-ہم بستری کے بعد غسل سے پہلے کچھ کھانا
81-الٹا سونا
82-تعظیما جھکنا
83-ایپ سے چہرہ بگاڑنا
84-نیلامی میں بیچا جانے والا مال خریدنا
85-ہم نے میخانے میں خدا دیکھا
86-انسٹا گرام کا ریل بونس

87-چائینیز نمک کھانا
88-جیز کیش اکاؤنٹ
89-غیر مسلم کی داڑھی مونڈنا
90-اسائمنٹ لکھنے کی اجرت
91-سالگرہ پر کیک کاٹنا
92-انگوٹھی میں چھوٹے نگ
93-اپنی خاطر جو بنایا آپ ہیں
94-بھنگ پینا
95-درخت سے گرا ہوا پھل کھانا
96-نو مسلم کی ختنہ
97-ڈنکی لگا کر باہر جانا

وراثت

98-شوہر 2 بیٹے 4 بیٹیوں میں وراثت
99-ورثا کے لئے وصیت
100-والدہ چار بیٹوں اور بیٹی میں وراثت

احادیث وروایات

1

مصافحہ کے وقت درود

سوال: بعض لوگ مصافحہ کرتے وقت درود پڑھتے ہیں اس بارے میں کوئی حدیث بھی ہے؟

USER ID:محمد حنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

مصافحہ کرتے وقت سلام کے الفاظ کہنا اور پھر درود پڑھنا اچھا عمل ہے اور حدیث میں اس کی فضیلت آئی ہے۔ چنانچہ مسند ابی یعلی میں ہے: ”ما من عبدین متحابین فی اللہ یستقبل احدھما صاحبہ فیصافحہ و یصلیان علی النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الا لم یفترقا حتی تغفر ذنوبھما ما تقدم منھما وما تاخر“ ترجمہ: اللہ پاک کی خاطر آپس میں محبت رکھنے والے دو مسلمان جب ملیں اور مصافحہ کریں اور نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم پر درود پڑھیں تو ان کے جدا ہونے سے پہلے ان کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔

(مسند ابی یعلی، مسند انس بن مالک، حدیث2960)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

2 جنازے کو لے کر چالیس قدم چلنا

سوال: کیا جنازے کو چالیس قدم لے کر چلنے کی کوئی فضیلت بھی ہے؟

USER ID:مبشر عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جو شخص جنازے کو چالیس قدم لے کر چلے اس کے لئے فضیلت حدیث میں ہے کہ ایسے شخص کے چالیس کبیرہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ درمختار میں ہے: "من حمل جنازۃ اربعین خطوۃ کفرت عنہ اربعین کبیرۃ" ترجمہ: جو جنازے کو لے کر چالیس قدم چلے اس کے چالیس کبیرہ گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

(درمختار، باب صلاۃ الجنازۃ، صفحہ 122)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ الک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-FIQH ACADEMY

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

3 قبلہ کی طرف رخ کرکے بیٹھنا

سوال: قبلہ کی طرف رخ کرکے بیٹھنے کی فضیلت بیان کردیں اور کیا بزرگان دین اپنے چیزیں قبلہ رخ رکھتے تھے؟

USER ID: دانش سرفراز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قبلہ کی طرف رخ کرکے بیٹھنا اچھا عمل ہے اور احادیث میں اس کی ترغیب ہے البتہ خطیب کے لئے قبلہ کو پیٹھ کرکے بیٹھنا سنت ہے۔ چنانچہ مجمع الزوائد میں ہے:"ان لکل شئی سیدا و ان سید المجالس قبالۃ قبلۃ" ترجمہ: بے شک ہر چیز کے لئے بزرگی ہے اور بیٹھک کی بزرگی قبلہ کی طرف بیٹھنا ہے۔ (مجمع الزاوئد، جلد8، صفحہ 59)

حضور غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اپنے وضو کا برتن بھی قبلہ رو رکھا کرتے تھے۔ (جنات کا بادشاہ۔ صفحہ 14)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نجد کے لئے دعا نہیں فرمائی اور فرمایا کہ یہاں فتنے اٹھیں گے؟

USER ID: محمد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احادیث کی مختلف کتابوں کے اندر یہ روایت موجود ہے۔ چنانچہ بخاری شریف میں ہے:" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:" اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے (ملک) شام میں برکت عطا فرما، ہمارے لئے ہمارے یمن میں برکت عطا فرما۔" صحابہ نے عرض کیا:"اور ہمارے نجد میں؟" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا" "اے اللہ ہمارے لئے شام میں برکت عطا فرما، ہمارے لئے یمن میں برکت عطا فرما۔" صحابہ نے عرض کی:" اور ہمارے نجد میں؟" تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "وہاں زلزلے اور فتنے ہونگے اور وہاں شیطان کا سینگ طلوع ہو گا۔" (بخاری، حدیث 1037)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ذو القعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ حافظ اپنے گھر والوں کی شفاعت کرے گا؟

USER ID: حافظ عمیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ابن ماجہ کی حدیث پاک ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "من قرأ القرآن وحفظه أدخله الله الجنة وشفعه في عشرة من أهل بيته، كلهم قد استوجب النار" ترجمہ: جس نے قرآن پڑھا اور اس کو حفظ کیا اللہ پاک اس کو جنت میں داخل کرے گا اور وہ اپنے گھر والوں میں سے ایسے ستر (70) کی شفاعت کرے گا جن پر جہنم میں جانا واجب ہو چکا ہو گا۔ (ابن ماجہ، حدیث 216)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ذوالقعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

6 حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین اور دادا کا ایمان

سوال: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین اور دادا کے ایمان کے حوالے سے کیا موقف ہے؟

USER ID: رضا احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین اور دادا بلکہ اوپر تک آباوامہات سب موحد اور مسلمان تھے اور ان میں کوئی بھی کافر نہ ہوا۔ حدیث پاک میں ہے: "لم ازل انقل من اصلاب الطاھرین الی ارحام الطاھرات" ترجمہ: میں ہمیشہ پاک پشتوں سے پاک رحموں کی طرف منتقل ہوتا رہا۔ (فتاوی رضویہ، جلد 30، صفحہ 270)

شارح بخاری لکھتے ہیں: "صحیح اور راجح مذہب یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کریمین حضرت سیدنا عبد اللہ اور حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما مسلمان، موحد اور ناجی تھے بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جملہ آباء وامہات حضرت عبد اللہ اور حضرت آمنہ سے لے کر حضرت آدم وحضرت حوا تک اہل اسلام اور توحید ہیں۔"

(فتاوی شارح بخاری، جلد 1، صفحہ 279)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدۃ 1444ھ 29 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد

سوال: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام کیا ہے اور کیا وہ مسلمان تھے؟

USER ID: خالد حنان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا نام درست قول کے مطابق تارخ تھا اور وہ مؤمن موحد تھے۔ سیرت الانبیاء میں ہے: "بعض کہتے ہیں کہ حضرت ابرہیم علیہ السلام کے والد کا نام تارخ تھا۔۔۔ آزر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حقیقی باپ نہیں بلکہ چچا تھا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حدیث پاک سے ثابت ہے کہ حضور اقدس صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا نور پاک لوگوں کی پشتوں سے پاک عورتوں کے رحموں کی طرف منتقل ہوا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام چونکہ حضور صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے آباؤ اجداد سے ہیں اس لئے آپ علیہ السلام کے حقیقی والد کفر و شرک کی نجاست سے آلودہ نہیں ہوسکتے۔" (سیرت الانبیاء، صفحہ 299)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

8

مکھی کے ایک پر میں شفا

سوال: کیا ایسی کوئی حدیث ہے کہ مکھی کے ایک پر میں بیماری ہے ایک میں شفا؟

USER ID: حافظ نیک محمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بخاری شریف کی حدیث پاک ہے: "إذا وقع الذباب فی إناء احدکم، فلیغمسه کله، ثم لیطرحه، فإن فی احد جناحیه شفاء وفی الآخر داء" ترجمہ: جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو پوری مکھی کو اس کو غوطہ دے دو پھر اسے نکال کر پھینکو کیونکہ بے شک اس کے ایک پر میں شفا اور دوسرے میں بیماری ہے۔ (بخاری، حدیث 3320)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

ابراہیم کا معنی

سوال: ابراہیم کا معنی کیا ہے؟

USER ID: حسام خالد رانجھور

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ابراہیم دو لفظوں اب اور رحیم سے بنا ہے جس کا معنی ہے مہربان والد۔ مفتی قاسم صاحب لکھتے ہیں: "آپ علیہ السلام کا مشہور نام "ابراہیم" ہے جو "اب رحیم" سے بنا ہے جس کا معنی ہے "مہربان باپ" آپ علیہ السلام چونکہ بہت مہربان تھے جیسا کہ آپ کی سیرت میں اس کی مثالیں بکثرت نظر آتی ہیں، یونہی آپ علیہ السلام مہمان نوازی اور رحم و کرم میں مشہور ہیں اس لئے آپ کو ابراہیم کہا جاتا ہے۔" (سیرت الانبیاء، صفحہ 257)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ 1444ھ 14 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

10

مدینے میں رب کو چلتے دیکھا

سوال: کیا ایسی کوئی روایت ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے اپنے رب کو مدینے کی گلیوں میں چلتے ہوئے دیکھا؟

USER ID: محمد لقمان رحمانی اجمیری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کتابوں میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا یہ قول موجود ہے مگر اس کی چند تاویلیں ہیں، اس سے مراد معاذ اللہ یہ نہیں کہ اللہ پاک کو جسم کے ساتھ مدینے میں دیکھا بلکہ ایک مراد یہ ہے کہ اللہ پاک کی رحمت کی تجلیات دیکھیں۔ ایک تاویل یہ ہے کہ لفظ رب لغوی معنی میں ہے یعنی اپنے پالنے والے کو دیکھا اور ایک تاویل یہ ہے کہ رایت سے خواب میں دیکھنا مراد ہے۔ شارح بخاری مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ لکھتے ہیں: "" رایت ربی فی سکک المدینہ "میں نے اپنے پالنے والے کو مدینہ کی گلیوں میں دیکھا ہے۔ اس کی دو تاویل ہے، ایک رب کے معنی لغوی مراد ہے۔ یعنی پالنے والا، پرورش کرنے والا یہ محاورہ قرآن کریم میں موجود ہے۔۔ دوسری تاویل یہ ہے کہ (رایت) دیکھا میں نے اسے بیداری میں دیکھنا مراد نہیں ہے، بلکہ خواب میں دیکھنا مراد ہے۔ یہ محاورہ بھی قرآن کریم میں موجود ہے۔۔۔ ایک تاویل یہ بھی ہو سکتی ہے کہ میں رب تبارک وتعالیٰ کا جلوہ مدینہ میں دیکھا۔ جلوہ سے مراد تجلیات ربانی ہیں۔" (فتاوی شارح بخاری، جلد 1، صفحہ 120)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ 1444ھ 14 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy

www.arqfacademy.com

Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ

Phone No:+923471992267

طہارت

11 ناپاک کپڑا پاک کپڑوں کے ساتھ دھل گیا

سوال: کپڑے پر بیل کا پیشاب لگا ہو اور وہ مشین میں دوسرے کپڑوں کے ساتھ مل کر دھل جائے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: محمد عسلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیل کا پیشاب نجاست خفیفہ ہے، لہذا ایسا کپڑا جس میں نجاست خفیفہ ہو اور وہ دوسرے کپڑوں کے ساتھ مشین میں دھل جائے تو سارے کپڑے ناپاک ہو جائیں گے۔ امیر اہلسنت لکھتے ہیں: "اگر بالٹی یا کپڑے دھونے کی مشین میں پاک کپڑوں کے ساتھ ایک بھی ناپاک کپڑا پانی کے اندر ڈال دیا تو سارے ہی کپڑے ناپاک ہو جائیں گے اور بلا ضرورت شرعیہ ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔"

(نجاستوں کا بیان مع کپڑے پاک کرنے کا طریقہ، صفحہ 29)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

12

ناپاک شخص کا جھوٹا

سوال: ناپاک شخص کا جھوٹا پینے سے کیا غسل فرض ہو جاتا ہے؟

USER ID: حبیب مصلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس پر غسل فرض ہو اس کا جھوٹا ناپاک نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ پینے سے غسل فرض ہوتا ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "آدمی چاہے جنب ہو یا حَیض و نِفاس والی عورت اس کا جھوٹا پاک ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 341)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

13 نیگلیریا کی وجہ سے ناک میں پانی نہ ڈالنا

سوال: آج کل کراچی میں پانی میں ایک جراثیم نکل ہے جسے نیگلیریا کہتے ہیں یہ ایک کیڑا ہے جو ناک کے ذریعے دماغ کو نقصان پہنچاتا ہے اور جان لیوا ثابت ہوتا ہے ڈاکٹر کہتے ہیں ناک میں پانی نہ ڈالا جائے تو اب وضو اور غسل میں کیا حکم ہے؟ USER ID: نذیر حبان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

طب ظنیات پر مشتمل ہے یقینی نہیں اور جہاں اس کی تحقیق شریعت سے ٹکراتی ہوگی اس پر عمل نہیں کیا جائے گا۔ وضو میں ناک میں پانی چڑھانا سنت ہے اور فرض غسل میں فرض لہذا اس پر ہر صورت عمل کرنا ہوگا، وضو اور فرض غسل کے علاوہ احتیاط کی جا سکتی ہے۔ غسل جنابت میں ناک میں پانی چڑھائے بغیر نماز پڑھنے والے سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: "ان کان من جنابۃ اعاد المضمضۃ والاستنشاق واستانف الصلاۃ" ترجمہ: اگر جنابت کا غسل ہو، تو کلی اور ناک میں دوبارہ پانی ڈال لے اور نئے سرے سے نماز ادا کرے۔ (دار قطنی، جلد 1، صفحہ 207)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

14 اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو

سوال: کہتے ہیں اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو ضروری ہے اس کی کیا حقیقت ہے؟

USER ID: شبیر شاہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اونٹ کا گوشت کھانے کے بعد وضو کرنا ضروری نہیں کیونکہ احناف کے نزدیک اس سے وضو نہیں ٹوٹتا البتہ وضو کر لینا مستحب ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "ایک اصل کلی یہ ہے کہ جس بات سے کسی اور امام مجتہد کے مذہب میں وضو جاتا رہتا ہے اس کے وقوع سے ہمارے مذہب میں اعادہ وضو مستحب ہے۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 1، حصہ ب، صفحہ 969)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ذوالقعدہ 1444ھ 15 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

وضو غسل میں انگوٹھی اتارنا

سوال: وضو یا غسل کے وقت انگوٹھی اتارنا ضروری ہے؟

USER ID: محسن عزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

انگوٹھی اگر اتنی تنگ ہو کہ اتارے بغیر نیچے پانی نہیں پہنچے گا تو اتار کر دھونا ضروری ہے اور اگر صرف حرکت دینے سے پانی پہنچ جائے تو حرکت دینا ضروری ہے اور اگر ڈھیلی ہے کہ بغیر حرکت دیے بھی پانی نیچے پہنچ جائے گا تو حرکت دینا ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "ہر قسم کے جائز، ناجائز گہنے، چھلے، انگوٹھیاں، پہنچیاں، کنگن، کانچ، لاکھ وغیرہ کی چوڑیاں، ریشم کے لچھے وغیرہ اگر اتنے تنگ ہوں کہ نیچے پانی نہ بہے تو اتار کر دھونا فرض ہے اور اگر صرف ہِلا کر دھونے سے پانی بہ جاتا ہو تو حرکت دینا ضروری ہے اور اگر ڈِھیلے ہوں کہ بے ہلائے بھی نیچے پانی بہ جائے گا تو کچھ ضروری نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 290)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ذوالقعدہ 1444ھ 15 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

16 کپڑا ناپاک ہو مگر کہاں سے معلوم نہیں

سوال: کپڑے پر نجاست لگی ہو مگر یہ معلوم نہیں کہ کہاں لگی تو کیا حکم ہے؟

USER ID: نظام الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر کپڑے کا کوئی حصہ ناپاک ہو مگر یہ نہیں معلوم کہ کون سا حصہ ناپاک ہوا ہے تو بہتر یہ ہے کہ پورا کپڑا پاک کرلیا جائے۔ اگر کسی نے غور و فکر کر کے کوئی حصہ دھو لیا تو بھی پاک ہو جائے گا لیکن اگر بعد میں غلطی معلوم ہوئی تو ناپاک حصہ دھو لے اس صورت میں جو نمازیں پڑھیں ان کو لوٹانا ضروری نہیں۔ اور اگر بغیر غور و فکر کے دھویا تو بھی پاک ہو جائے گا لیکن اس صورت میں بعد میں غلطی معلوم ہوئی تو کپڑا پاک کرنے کے ساتھ ساتھ اس لباس میں پڑھی گئی نمازوں کا اعادہ کرنا ضروری ہے۔ اور اگر نجاست کی جگہ معلوم ہے مگر عین وہ حصہ معلوم نہیں مثلاً یہ پتا ہے کہ آستین پر نجاست لگی ہے لیکن یہ نہیں معلوم کہ آستین کا کون سا حصہ ناپاک ہے تو فقط اس جگہ کو دھو لینا کافی ہے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ (ملخصا: بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 400)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ذوالقعدہ 1444ھ 15 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

دوسرے کو تیمم کروانا

سوال: مریض اگر خود تیمم نہ کر سکتا ہو تو کیا دوسرا کروا سکتا ہے؟

USER ID: نعمان لوائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مریض اگر خود تیمم نہ کر سکتا ہو تو دوسرا اس کو تیمم کروا سکتا ہے لیکن اس صورت میں تیمم کروانے والے کی نیت کا اعتبار نہیں ہو گا بلکہ جس کو تیمم کروایا جارہا ہے اسی کی نیت معتبر ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "بیمار یا بے دست و پا اپنے آپ تیمم نہیں کر سکتا تو اسے کوئی دوسرا شخص تیمم کرادے اور اس وقت تیمم کرانے والے کی نیت کا اعتبار نہیں بلکہ اس کی نیت چاہیے جسے کرایا جارہا ہے۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 354)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

18

پلاسٹک کے برتن کو پاک کرنے کا طریقہ

سوال: پلاسٹک کے برتن ناپاک ہو جائیں تو پاک کیسے ہوں گے؟

USER ID: جمال رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

پلاسٹک کے برتن اگر ایسے ہوں جو نجاست کو جذب کر لیتے ہوں یا کھردار ہوں تو ان کو تین مرتبہ اس طرح دھویا جائے کہ ہر مرتبہ پانی ٹپکنا موقوف ہو جائے، اور اگر ایسے ہوں جو نجاست کو جذب نہیں کرتے تو صرف پانی بہا دینا کافی ہے خشک کرنا ضروری نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "جو چیز نچوڑنے کے قابل نہیں ہے جیسے چٹائی، برتن، جوتا وغیرہ اس کو دھو کر چھوڑ دیں کہ پانی ٹپکنا موقوف ہو جائے، یوہیں دو مرتبہ اور دھوئیں تیسری مرتبہ جب پانی ٹپکنا بند ہو گیا وہ چیز پاک ہو گئی اسے ہر مرتبہ کے بعد سوکھانا ضروری نہیں۔۔۔ اگر ایسی چیز ہو کہ اس میں نجاست جذب نہ ہوئی، جیسے چینی کے برتن، یا مٹی کا پرانا استعمالی چکنا برتن یا لوہے، تانبے، پیتل وغیرہ دھاتوں کی چیزیں تو اسے فقط تین بار دھو لینا کافی ہے، اس کی بھی ضرورت نہیں کہ اسے اتنی دیر تک چھوڑ دیں کہ پانی ٹپکنا موقوف ہو جائے۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 2، صفحہ 399، المکتبۃ المدینہ)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذو القعدہ 1444ھ 18 جون 2023ء

19 سورہ فاتحہ کا تکرار

سوال: اگر کسی نے سورہ فاتحہ دو بار پڑھی پہلی بار فاتحہ جو واجب ہے اس طور پر اور پھر قراءت کے لئے تو کیسا؟

USER ID: کریم بخش

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

فرضوں کی تیسری اور چوتھی کے علاوہ اگر کسی نماز کی کسی رکعت میں بھول کر سورہ فاتحہ کا تکرار کیا تو سجدہ سہو واجب ہو گا اور اگر جان بوجھ کر ایسا کیا تو یہ ناجائز و گناہ ہے اور نماز واجب الاعادہ ہو گی البتہ سورہ فاتحہ کے بعد سورت ملائی پھر سورہ فاتحہ پڑھی تو حرج نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "الحمد کے بعد سورت پڑھی اس کے بعد پھر الحمد پڑھی تو سجدۂ سہو واجب نہیں۔ یوہیں فرض کی پچھلی رکعتوں میں فاتحہ کی تکرار سے مطلقاً سجدۂ سہو واجب نہیں اور اگر پہلی رکعتوں میں الحمد کا زیادہ حصہ پڑھ لیا تھا۔ پھر اعادہ کیا تو سجدۂ سہو واجب ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 4، صفحہ 711)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالقعدہ 1444ھ 18 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

نماز

20 ایک درہم سے کم خون لگا

سوال: اگر کپڑے پر ایک درہم سے کم خون لگا اور سوکھ گیا اور اسی میں نماز پڑھا دی تو کیا حکم ہے؟

USER ID: شرجیل احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ہدایۃ الحق والصواب

بہنے والا خون نجاست غلیظہ ہے اور نجاست غلیظہ کا حکم یہ ہے کہ اگر کپڑے یا جسم پر ایک درہم سے کم لگے تو پاک کرنا سنت ہے لیکن پاک کیے بغیر نماز پڑھی تو ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: "(نجاست غلیظہ کا حکم یہ ہے کہ) اگر درہم سے کم ہے تو پاک کرنا سنت ہے، کہ بے پاک کیے نماز ہوگئی مگر خلافِ سنت ہوئی اور اس کا اعادہ بہتر ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 389)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

نماز میں کچھ کھانا

سوال: نماز میں کتنی مقدار میں کچھ کھایا جائے تو نماز پر اثر پڑے گا؟

USER ID:رانجھا احسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز میں کچھ کھانا مکروہ ہے، بہر حال پہلے سے منہ میں کوئی چیز ہو تو اگر وہ چنے کے برابر ہے تو نماز ٹوٹ جائے گی اور چنے سے کم ہو تو نہیں ٹوٹے گی۔ اور اگر باہر سے کوئی چیز منہ میں ڈالی تو مطلقا نماز ٹوٹ جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے: "نماز کے اندر کھانا پینا مطلقاً نماز کو فاسد کر دیتا ہے، قصداً ہو یا بھول کر، تھوڑا ہو یا زیادہ، یہاں تک کہ اگر تل بغیر چبائے نگل لیا یا کوئی قطرہ اُس کے مونھ میں گرا اور اس نے نگل لیا، نماز جاتی رہی۔ دانتوں کے اندر کھانے کی کوئی چیز رہ گئی تھی اس کو نگل گیا، اگر چنے سے کم ہے نماز فاسد نہ ہوئی مکروہ ہوئی اور چنے برابر ہے تو فاسد ہو گئی۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 610)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

دو ستونوں کے درمیان صف بنانا

سوال: دو ستونوں کے درمیان صف بنانا کیوں ناجائز ہے؟

USER ID: محمد فیض

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بلا ضرورت ستونوں کے درمیان صف بنانا اس لئے ناجائز ہے کہ حدیث پاک میں اس کی ممانعت آئی ہے اور اس کی حکمت یہ ہے کہ اس سے قطع صف لازم آتا ہے اور صف قطع کرنا ناجائز ہے۔ ابن ماجہ میں ہے: "عن معویۃ بن قرۃ عن ابیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ قال کنا ننھی ان نصف بین السواری علی عھد رسول اللہ" ترجمہ: قرہ بن ایاس مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ کے زمانہ میں ہمیں دو ستونوں کے بیچ صف باندھنے سے منع فرمایا جاتا۔ (ابن ماجہ، حدیث 1002)

اعلیٰ حضرت لکھتے ہیں: "علمائے کرام نے صاف تصریح فرمائی کہ اس میں قطع صف ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 6، صفحہ 134)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شوال المکرم 1444ھ 19 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

کرتا اتار کر نماز پڑھنا

سوال: کرتا اتار کر نماز پڑھنا کیسا؟

USER ID: محمد اشفاق

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کرتا اتار کر اس طرح نماز پڑھی کہ اوپر کا جسم کھلا رہا تو نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہوگی اور توبہ کرنا لازم۔ اور اگر کوئی اور کپڑا پہنا ہوا ہو مگر سینہ کھلا رہا تو مکروہ تنزیہی ہوگی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”صرف پائجامہ پہنے بالائی حصہ بدن کا ننگا رکھ کر نماز بایں معنٰی تو ہوجاتی ہے فرض ساقط ہوگیا، مگر مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ واجب ترک ہوتا ہے فاعل گنہگار ہوتا ہے اس کا پھیرنا گردن پر واجب رہتا ہے نہ پھیرے تو دوسرا گناہ سر پر آتا ہے، ہاں اگر اتنے ہی کپڑے کی قدرت ہے تو ایسی محتاجی میں مجبوری ومعافی ہے۔“

(فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ 643)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شوال المکرم 1444ھ 18 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

امام پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے

سوال: امام اگر پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو جائے تو مقتدی کیا کرے؟

USER ID: حافظ اسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

امام اگر قعدہ اخیرہ کر کے بھول سے پانچویں کے لئے کھڑا ہو جائے تو مقتدی لقمہ دے اور کھڑا نہ ہو بلکہ اس کے واپس آنے کا انتظار کرے، اگر پانچویں کے سجدے سے پہلے لوٹ آئے تو مقتدی امام کے ساتھ سجدہ سہو کرے اور اس کے ساتھ سلام پھیرے، اور اگر امام نے پانچویں کا سجدہ کر لیا تو مقتدی اکیلا سلام پھیر لے۔ اور اگر امام قعدہ اخیرہ کیے بغیر پانچویں کے لئے کھڑا ہو گیا اور پانچویں کا سجدہ کر لیا تو سب کی نماز فاسد ہو جائے گی اگرچہ مقتدی تشہد پڑھ کر سلام پھیر لے۔ بہار شریعت میں ہے: "(امام) پانچویں رکعت کے لیے بھول کر کھڑا ہو گیا، پھر اس صورت میں اگر قعدۂ اخیرہ کر چکا ہے تو مقتدی اس کا انتظار کرے، اگر پانچویں کے سجدہ سے پہلے لوٹ آیا تو مقتدی بھی اس کا ساتھ دے، اس کے ساتھ سلام پھیرے اور اس کے ساتھ سجدۂ سہو کرے اور اگر پانچویں کا سجدہ کر لیا تو مقتدی تنہا سلام پھیر لے۔ اور اگر قعدۂ اخیرہ نہیں کیا تھا اور پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو سب کی نماز فاسد ہو گئی، اگرچہ مقتدی نے تشہد پڑھ کر سلام پھیر لیا ہو۔"

(بہار شریعت، جلد 1 صفحہ 593)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ذوالقعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy

www.arqfacademy.com

Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ

Phone No:+923471992267

جیب میں ناپاک کپڑا رکھ کر نماز

سوال: پیشاب کے قطروں کے سبب میں انڈر ویئر استعمال کرتا ہوں اور نماز کے وقت اتار دیتا ہوں، بھول کر میں نے وہ جیب میں رکھ کر نماز پڑھ لی تو کیا حکم ہے؟

USER ID: یوسف رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر انڈر ویئر میں درہم سے زیادہ نجاست لگی ہے تو اس کو جیب میں رکھ کر نماز پڑھنے سے نماز ہوگی ہی نہیں اور اگر درہم کے برابر ہو تو نماز واجب الاعادہ ہوگی اور درہم سے کم ہو تو نماز ہو جائے گی اور دوبارہ پڑھنا واجب نہیں البتہ بہتر ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "مصلی اگر ایسی چیز کو اٹھائے ہو کہ اس کی حرکت سے وہ بھی حرکت کرے، اگر اس میں نجاست قدر مانع ہو تو نماز جائز نہیں۔"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 476)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

امام کے سلام پھیرنے تک مقتدی سجدے میں

سوال: نماز جمعہ میں امام نے سجدے سے اٹھتے وقت تکبیر آہستہ کہی اور مقتدی سجدے میں رہے، امام نے التحیات پڑھ کر جب سلام پھیرا تو مقتدیوں کو پتا چلا انہوں بھی سلام پھیر دیا تو کیا حکم ہے؟

USER ID:حافظ عبد الکریم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قعدہ اخیرہ امام و مقتدی سب پر فرض ہے، اگر مقتدیوں نے سجدے سے اٹھنے کے فورا بعد سلام پھیر لیا اور تشہد کی مقدار نہ بیٹھے تو ان کی نماز فاسد ہوگئی اور ان پر اب ظہر کی نماز کا اعادہ فرض ہے۔ اور اگر تشہد کی مقدار بیٹھے مگر قصدا تشہد پورا یا بالکل نہ پڑھا تو بھی نماز مکروہ تحریمی ہوئی اور اب ان پر چار رکعت ظہر کا اعادہ واجب ہے۔ اور اگر کسی مقتدی نے سجدے سے اٹھنے کے بعد التحیات مکمل کر کے سلام پھیرا تو اس کی نماز ہوگئی۔ بہار شریعت میں ہے: "نماز کی رکعتیں پوری کرنے کے بعد اتنی دیر تک بیٹھنا کہ پوری التحیات یعنی رسولہ تک پڑھ لی جائے، فرض ہے۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ515)

مفتی وقار الدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "کسی واجب کو قصدا امام کے پیچھے چھوڑنے سے نماز دوبارہ پڑھنا ہوگی۔" (وقار الفتاوی، جلد2، صفحہ210)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

نماز میں شرٹ کا بٹن کھلا ہو تو

سوال: نماز میں شرٹ کا بٹن کھلا رہ جائے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: عظمت رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر شرٹ کے بٹن کھلے ہونے کی وجہ سے سینے کا وہ حصہ نظر آرہا ہے جو عمومی طور پر مہذب آدمی کا نظر نہیں آتا تو نماز مکروہ تنزیہی ہوگی کیونکہ یہ بارگاہ الٰہی میں کھڑے ہونے کے آداب کے خلاف ہے۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں: ''کسی کپڑے کو ایسا خلاف عادت پہننا جسے مہذب آدمی مجمع یا بازار میں نہ کرسکے اور کرے تو بے ادب خفیف الحرکات سمجھا جائے یہ بھی مکروہ ہے جیسے انگرکھا پہننا اور گھنڈی یا بابر کے بندنہ لگانا، یا ایسا کرتا جس کے بٹن سینے پر ہیں پہننا اور بوتام اتنے لگانا کہ سینہ یا شانہ کھلا رہے جبکہ اوپر سے انگرکھا نہ پہنے ہو یہ بھی مکروہ ہے۔'' (فتاوی رضویہ، جلد 7، صفحہ 386)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

28 کام کاج کے کپڑوں میں نماز

سوال: میرا بھائی رنگ کا کام کرتا ہے کیا وہ کام کے کپڑوں میں نماز پڑھ سکتا ہے؟

USER ID: فیصل راجپوت

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کام کاج کے کپڑے ناپاک نہ ہوں تو ان میں نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے جبکہ کوئی اور کپڑے ہوں، اگر کوئی اور کپڑے نہیں تو مکروہ تنزیہی بھی نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: ”کام کاج کے کپڑوں سے نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی ہے، جب کہ اس کے پاس اور کپڑے ہوں ورنہ کراہت نہیں۔“ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 630)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

قنوت نازلہ

سوال: قنوت نازلہ کیا ہے اور کب پڑھ سکتے ہیں؟

USER ID: ظہیر الدین ثمر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قنوت نازلہ بہت بڑی اجتماعی مصیبت کے وقت پڑھی جانے والی دعا ہے جو فجر کی نماز میں رکوع سے پہلے پڑھی جاتی ہے، عام حالات میں اس کا پڑھنا ممنوع ہے۔ بہار شریعت میں ہے: ”وتر کے سوا اور کسی نماز میں قنوت نہ پڑھے۔ ہاں اگر حادثہ عظیمہ واقع ہو تو فجر میں بھی پڑھ سکتا ہے اور ظاہر یہ ہے کہ رکوع سے قبل قنوت پڑھے۔“ (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 657)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالقعدہ 1444ھ 13 جون 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

30 امام کا مسبوق کی طرف رخ کر کے بیٹھنا

سوال: امام صاحب کا جماعت کروانے کے بعد مسبوق کی طرف رخ کر کے بیٹھنا کیسا؟

USER ID: اخلاص احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

نماز پڑھنے والے کی طرف منہ کر کے بیٹھنا ناجائز و گناہ ہے اگرچہ کتنے ہی فاصلے پر ہو لیکن درمیان میں کوئی ایسی چیز حائل ہو کہ نمازی کے قیام میں بھی سامنا نہ ہوتا ہو مثلاً ایسا ستون ہے کہ نمازی اور دوسرے شخص کے درمیان آڑ ہو جائے تو حرج نہیں۔ اگر کوئی پہلے سے اس رخ پر بیٹھا تھا اور کسی نے بیٹھنے والے کے منہ کے سامنے نماز پڑھنا شروع کر دی اور درمیان میں آڑ بھی نہیں تو اب اس طرف نماز شروع کرنے والا گناہ گار ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "کسی شخص کے مونھ کے سامنے نماز پڑھنا، مکروہ تحریمی ہے۔ یوہیں دوسرے شخص کو مصلی کی طرف مونھ کرنا بھی ناجائز و گناہ ہے، یعنی اگر مصلی کی جانب سے ہو تو کراہت مصلی پر ہے، ورنہ اس پر۔ اگر مصلی اور اس شخص کے درمیان جس کا مونھ مصلی کی طرف ہے، فاصلہ ہو جب بھی کراہت ہے، مگر جب کہ کوئی شے درمیان میں حائل ہو کہ قیام میں بھی سامنا نہ ہوتا ہو تو حرج نہیں اور اگر قیام میں مواجہہ ہو قعود میں نہ ہو، مثلاً دونوں کے درمیان میں ایک شخص مصلی کی طرف پیٹھ کر کے بیٹھ گیا کہ اس صورت میں قعود میں مواجہہ نہ ہو گا، مگر قیام میں ہو گا، تو اب بھی کراہت ہے۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 626)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 ذوالقعدہ 1444ھ 15 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

31 نمازی کے آگے سے گزرنے کا طریقہ

سوال: میں نے ایک کلپ دیکھی جس میں امیر اہلسنت نمازی کے آگے سے گزرنے کا طریقہ بتارہے تھے اس کا حوالہ وفتوی درکار ہے؟

USER ID: حسنا ور حنیف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کتب فقہ کے اندر یہ مسئلہ موجود ہے کہ اگر دو شخص نمازی کے آگے سے گزرنا چاہتے ہیں اور سترہ موجود نہیں تو ایک شخص نمازی کی طرف پیٹھ کر کے کھڑا ہو جائے اور دوسرا پہلے کی آڑ لے کر گزر جائے، پھر دوسرا پہلے کی پیٹھ کے پیچھے نمازی کی طرف پیٹھ کر کے کھڑا ہو جائے اور پہلا گزر جائے پھر دوسرا جہاں سے آیا تھا اسی طرف چلا جائے۔

حوالاجات: (عالمگیری، کتاب الصلاۃ، الباب السابع فیما یفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا، الفصل الاول، جلد1، صفحہ 104، رد المحتار، کتاب الصلاۃ، باب ما یفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا، جلد2، صفحہ 483، بہار شریعت، جلد1، صفحہ 617)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26ذوالقعدہ1444ھ 16جون 2023ء

زکوۃ

ڈومین پر زکوۃ

سوال: بعض لوگ ڈومین (domain) خرید کر رکھتے ہیں اس نیت سے کہ اس کو فروخت کریں گے تو کیا اس پر زکوۃ ہو گی؟

USER ID: عبد القیت

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈومین شرعی اعتبار سے مال متقوم ہے یعنی اس سے نفع اٹھایا جانا ممکن ہے اور اس کی باقاعدہ خرید و فروخت ہوتی ہے، بعض اوقات کسی کا پسندیدہ ڈومین نہیں مل پاتا تو وہ کسی اور سے خرید بھی لیتا ہے اور اس پر کوئی پابندی بھی نہیں، لہذا اگر کسی نے ڈومین بیچنے کی نیت سے خریدا تو یہ مال تجارت ہے اور مال تجارت پر شرائط پائی جانے کی صورت میں زکوۃ فرض ہوتی ہے۔ فیضان زکوۃ میں ہے: "مال تجارت اس مال کو کہتے ہیں جسے بیچنے کی نیت سے خریدا گیا ہو۔۔۔ مال تجارت کی کوئی بھی چیز ہو جس کی قیمت سونے یا چاندی کے نصاب کو پہنچے تو اس پر بھی زکوۃ واجب ہے۔" (فیضان زکوۃ، صفحہ 39)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی
26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ

حج/عمرہ

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

33

حج کی چند اصطلاحات

اصطلاح	تعریف
حج افراد	اس میں صرف حج کا احرام باندھا جاتا ہے اس میں عمرہ شامل نہیں ہوتا۔ اہل مکہ اور حل میں رہنے والے صرف حج افراد کر سکتے ہیں۔
حج تمتع	حج کے مہینوں میں عمرہ کرنے کے بعد احرام کی پابندیاں ختم ہو جاتی ہیں پھر حج کا احرام حج کے دنوں میں باندھا جاتا ہے۔ میقات کے باہر سے آنے والے یہ حج ادا کر سکتے ہیں۔
حج قران	اس میں عمرہ وحج کا احرام ساتھ باندھا جاتا ہے مگر عمرہ کرنے کے بعد حلق یا تقصیر نہیں ہوتی بلکہ احرام کی پابندیاں باقی رہتی ہیں اور حج کی قربانی کے بعد احرام ختم ہوتا ہے۔
آفاقی	میقات کے باہر سے آنے والا شخص۔
میقات	وہ مقام جہاں سے آفاقی بغیر احرام کے گزر کر حرم میں داخل نہیں ہو سکتا۔
حل	جو حرم کے باہر اور میقات کے اندر کا مقام۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

11 شوال المکرم 1444ھ 02 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

حالت احرام میں ٹوتھ پیسٹ

سوال: حالت احرام میں ٹوتھ پیسٹ کرنا کیسا؟

USER ID: ابو احمد محمد عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

حالت احرام میں ٹوتھ پیسٹ کے استعمال سے بچنا چاہیے کیونکہ اسے منہ کی بو دور کرنے اور خوشبو حاصل کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے لہذا اس میں کراہت ہے لیکن چونکہ اس میں آگ کا عمل پایا جاتا ہے اس لئے اس میں خوشبو کا اعتبار ساقط ہو جاتا ہے اور کفارہ لازم نہیں ہوتا۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "ٹوتھ پیسٹ میں اگر آگ کا عمل ہوتا ہے جیسا کہ یہی متبادر ہے جب تو حکم کفارہ نہیں۔۔ لیکن اس میں عموما منہ کی بدبو دور کرنے اور خوشبو حاصل کرنے کا قصد ہوتا ہے لہذا اس کا استعمال کراہیت سے خالی نہیں۔"

(احرام اور خوشبو دار صابن، صفحہ 28)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شوال المکرم 1444ھ 19 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

احرام میں تعویذ پہننا

سوال: احرام میں تعویذ پہننا کیسا؟

USER ID: محمد فیض

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

احرام میں تعویذ کو بغیر سلائی کئے ہوئے کپڑے میں لپیٹ کر گلے میں ڈالنا جائز ہے۔ بہار شریعت میں احرام میں جائز باتوں کے بیان میں ہے: "بے سلے کپڑے میں لپیٹ کر تعویذ گلے میں ڈالنا۔" (بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 1082)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ
ابو البنات فراز عطاری مدنی
12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

36

احرام میں موذی جانور مارنا

سوال: کیا حالت احرام میں موذی جانوروں کو حرم میں مارنا جائز ہے؟

USER ID: ذوہیب عباسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

احادیث میں جن جانوروں کو حالت احرام میں مارنے کی اجازت دی گئی ہے ان کو مارنا جائز ہے، ان کو مارنے سے کوئی کفارہ لازم نہیں آئے گا۔ ان کے علاوہ میں انہی احادیث سے ماخوذ قاعدہ یہ ہے کہ وہ جانور جن کی عادت اکثر حملہ کرنے میں ابتدا کرنے کی ہوتی ہے ان کو مارنا مطلقاً جائز ہے اور وہ جانور جو عموماً حملہ کرنے میں ابتدا نہیں کرتے لیکن اگر وہ حملہ کریں تو ان کو مارنا جائز ہو گا۔ مبسوط میں ہے: ”اما الذی یبتدی بالاذی غالبا فللمحرم ان یقتله ولا شئی علیه۔۔۔ واما الذی لا یبتدی بالاذی غالبا فله ان یقتله ان عدا علیه ولا شئی علیه اذا قتله“ ترجمہ: بہر حال وہ جانور جو اکثر حملہ کرنے میں ابتدا کرتے ہیں محرم کے لئے ان کو قتل کرنا جائز ہے اور اس پر کوئی کفارہ لازم نہیں۔۔ اور وہ جانور جو حملہ کرنے میں عموماً ابتدا نہیں کرتے اگر وہ حملہ کریں تو محرم کے لئے ان کو مارنا جائز ہے اور قتل کرنے کی صورت میں اس پر کوئی کفارہ لازم نہیں۔

(المبسوط للسرخسی، جلد 4، صفحہ 90)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالقعدہ 1444ھ 13 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

سفر حج کے دوران ہمبستری

سوال: حج یا عمرہ کی ادائیگی کے بعد ہمبستری کرنا کیسا؟

USER ID: اقبال کھوکر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عمرہ کی ادائیگی کے بعد حلق یا تقصیر کے ذریعے احرام سے باہر آنے کے بعد ہمبستری کرنا جائز ہے، اسی طرح حج میں طواف الزیارہ کے بعد ہمبستری کرنا جائز ہے اس سے پہلے حرام۔ بہار شریعت میں ہے: "وقوفِ عرفہ سے پہلے جماع کیا تو حج فاسد ہو گیا۔۔ وقوف کے بعد جماع سے حج تو نہ جائے گا مگر حلق و طواف سے پہلے کیا تو بدنہ دے اور حلق کے بعد تو دَم اور بہتر اب بھی بدنہ ہے اور دونوں کے بعد کیا تو کچھ نہیں۔ طواف سے مُراد اکثر ہے یعنی چار پھیرے۔ (عمرہ میں) طواف و سعی کے بعد حلق سے پہلے کیا جب بھی دَم واجب ہے اور حلق کے بعد تو کچھ نہیں۔" (بہار شریعت، جلد1، صفحہ 1173)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی
26ذوالقعدہ1444ھ 16 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

38 حالت احرام میں سوتے ہوئے پاؤں چھپ جائیں

سوال: حالت احرام میں اگر سوتے ہوئے پاؤں کپڑے سے چھپ جائیں تو کیا حکم ہوگا؟

USER ID: عبد الرافع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

حالت احرام میں ایسے جوتے پہننا جس سے وسط قدم اور اس کی محاذات یعنی ایڑی سے اوپر کا حصہ چھپ جائے وہ مرد کو ضرور منع ہے لیکن اگر سوتے میں چادر یا کسی کپڑے سے وہ حصہ چھپ جائے تو کوئی کفارہ نہیں۔ امیر اہلسنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ سے سوال ہوا: "سوتے وقت سلی ہوئی چادر اوڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟" آپ نے جواب ارشاد فرمایا: "چہرہ بچا کر ایک بلکہ اس سے زیادہ چادریں بھی اوڑھ سکتے ہیں خواہ پاؤں پورے ڈھک جائیں۔" (رفیق الحرمین، صفحہ 307)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

احرام میں غسل

سوال: حالت احرام میں غسل کرنا کیسا؟

USER ID: احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حالت احرام میں غسل کرنا جائز ہے البتہ میل چھڑانا مکروہ ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "بے میل چھڑائے حمام کرنا (نہانا)، غوطہ لگانا (جائز ہے)۔"

(بہار شریعت، جلد 1، حصہ 6، صفحہ 1080)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالقعدہ 1444ھ 18 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

نکاح

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

40 بہنوئی کی دوسری بیوی کی بیٹی سے نکاح

سوال: کیا مرد اپنی بہن کی اس بیٹی سے نکاح کر سکتا ہے جو اس کے شوہر کی دوسری بیوی سے ہو؟

USER ID:عامر خان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

وہ بیٹی جو اس کی بہن سے پیدا نہیں ہوئی بلکہ اس کے شوہر کی دوسری بیوی سے ہے اس سے نکاح کرنا جائز ہے۔ قرآن پاک میں ہے: " وَ اُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ "ترجمہ: اور ان کے سوا جو رہیں وہ تمہیں حلال ہیں۔ (النساء: آیت 24)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

سوال: شوہر کا انتقال ہوا عورت نے عدت گزار لی اب وہ اپنے سسر سے نکاح کر سکتی ہے؟

USER ID:عمر طفیل

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت شوہر کے انتقال کے بعد بھی اپنے سسر سے نکاح نہیں کر سکتی کیونکہ سسر سے عورت کی حرمت ابدی یعنی ہمیشہ کے لئے ہوتی ہے۔ قرآن پاک میں ہے: "وَحَلَآىِٕلُ اَبْنَآىِٕكُمُ الَّذِیْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ" ترجمہ: اور تمہارے حقیقی بیٹوں کی بیویاں (تم پر حرام ہیں) (النساء: 23)

بہار شریعت میں حرمت مصاہرت کے بیان میں ہے: "بیٹے پوتے وغیرہما فروع کی بیبیاں۔" (بہار شریعت، جلد2، صفحہ 22)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

42

چچازاد بھائی کی بیٹی سے نکاح

سوال: کیا اپنی بیٹی کا نکاح اپنے چچازاد بھائی سے کرسکتے ہیں؟

USER ID: شہزاد عاکف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

چچازاد بھائی کی بیٹی سے نکاح جائز ہے جبکہ کوئی اور وجہ حرمت مثلا رضاعت یا مصاہرت وغیرہ نہ ہو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نبی پاک صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے چچا کے بیٹے تھے اور آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اپنی شہزادی بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کیا۔ سیرت مصطفی میں ہے: "2ھ میں حضرت علی شیر خدا رضی اللہ عنہ سے ان (بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا) کا نکاح ہوا۔ الخ" (سیرت مصطفی، صفحہ 698)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالقعدہ 1444ھ 13 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

طلاق/عدت

43

خلوت صحیحہ سے پہلے طلاق

سوال: اگر عورت کا نکاح ہوا مگر رخصتی نہ ہوئی نہ ہی خلوت صحیحہ تو کیا طلاق ہونے پر عدت ہو گی؟

USER ID: قیصر علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر نکاح ہوا مگر دو عورت کے درمیان میاں بیوی والے تعلقات قائم نہ ہوئے نہ ہی خلوت صحیحہ ہوئی (یعنی ایسی تنہائی میں دونوں جمع نہیں ہوئے کہ یہ تعلقات قائم کرنا حقیقتاً ممکن ہوتا)، اور اس سے پہلے عورت کو طلاق ہو گئی تو اس پر کوئی عدت نہیں۔ سورۃ الاحزاب کی آیت 49 میں ہے: "یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَیْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ترجمہ: اے ایمان والو جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو پھر انہیں بے ہاتھ لگائے چھوڑ دو تو تمہارے لیے کچھ عدت نہیں جسے گنو۔

تفسیر: "اس آیت سے معلوم ہوا کہ اگر عورت کو ازدواجی تعلق قائم کرنے سے پہلے طلاق دی تو اس پر عدت واجب نہیں ۔۔۔ خلوت صحیحہ قربت کے حکم میں ہے، تو اگر خلوتِ صحیحہ کے بعد طلاق واقع ہو تو عدت واجب ہو گی اگرچہ ازدواجی تعلق قائم نہ ہوا ہو۔"

(صراط الجنان، جلد 8، صفحہ 59)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شوال المکرم 1444ھ 18 مئی 2023ء

طلاق کا جھوٹا اقرار

سوال: ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق نہیں دی مگر لوگوں سے کہہ رہا تھا کہ میں نے طلاق دے دی ہے تو اس کا کیا حکم ہے؟

USER ID:شہاب الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق نہیں دی مگر لوگوں کے سامنے اقرار کرے کہ میں نے طلاق دے دی تو بھی قضاء طلاق واقع ہو جائے گی۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "علماء تصریح فرماتے ہیں اگر شوہر نے اقرار طلاق کیا کہ میں اسے طلاق دے چکا ہوں اور واقع میں نہ دی تھی تو وہ قضاء طلاق ہو گئی۔"
(فتاوی رضویہ، جلد 11، صفحہ 124)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شوال المکرم 1444ھ 19 مئی 2023ء

قسم

آن لائن الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

سوال: اگر شوہر نے قسم کھائی کہ رمضان کے آخری دس دن ہمبستری نہیں کروں گا پھر چاند رات کو کرلی تو کیا کفارہ لازم ہو گا؟

USER ID: عثمان عسلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

معلوم کی گئی صورت میں قسم نہیں ٹوٹی۔ تفصیل یہ ہے کہ اگر قسم کو کسی وقت کے لئے مقرر کر دیا اور اس وقت میں قسم کا خلاف نہ کیا تو قسم نہیں ٹوٹے گی اور چاند رات چونکہ رمضان کے بعد ہی آتی ہے لہذا اس میں ہمبستری کرنے سے قسم نہیں ٹوٹے گی۔ بہار شریعت میں ہے: "(قسم منعقدہ کی ایک قسم موقت ہے) موقت وہ ہے جس کے لیے کوئی وقت ایک دن دو دن یا کم و بیش مقرر کر دیا اسمیں اگر وقت معین کے اندر قسم کے خلاف کیا تو ٹوٹ گئی ورنہ نہیں۔" (بہار شریعت، جلد2، صفحہ300)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04ذوالقعدہ1444ھ 25مئی 2023ء

46

فلاں چیز میرے اوپر حرام ہے

سوال: جھگڑے میں ایک شخص نے کہا کہ اگر میں تیری چیز کھاؤں تو حرام کھاؤں اس کا کیا حکم ہے اگر اب کھالے تو؟

USER ID: فائق رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

کسی حلال چیز کو اپنے اوپر حرام کرلینا جائز نہیں اور نہ ہی اس طرح کہنے سے کوئی چیز حرام ہو گی البتہ یہ الفاظِ قسم میں سے ہے اس لئے جس چیز کے متعلق یہ الفاظ کہے وہ کھائی تو قسم کا کفارہ لازم ہو گا۔ بہار شریعت میں ہے: "جو شخص کسی چیز کو اپنے اوپر حرام کرے مثلاً کہے کہ فلاں چیز مجھ پر حرام ہے تو اس کہہ دینے سے وہ شے حرام نہیں ہو گی کہ اللہ (عزوجل) نے جس چیز کو حلال کیا اوسے کون حرام کرسکے مگر اوس کے برتنے سے کفارہ لازم آئیگا یعنی یہ بھی قسم ہے۔ (بہار شریعت، جلد2، صفحہ 302)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

قربانی

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

47 قربانی کے چند مسائل (حصہ ایک)

1	نابالغ پر نہ خود قربانی واجب ہے نہ اس کی طرف سے اس کے والد پر۔
2	قربانی کرنے والے کے لئے مستحب ہے کہ ذوالحجہ کا چاند نظر آنے سے قربانی کرنے تک ناخن، بال وغیرہ نہ کاٹے۔ جس نے چالیس دن سے ناخن، زیر ناف وبغل کے بال نہ کاٹے ہوں وہ فوراً کاٹ لے۔
3	شرعی فقیر نے قربانی کی نیت سے جانور خریدا تو بیچ نہیں سکتا، اسی کی قربانی ضروری ہے، غنی اگر اس سے زیادہ قیمت کا خریدنا چاہے تو جائز ہے۔
4	قربانی کے لئے اونٹ / اونٹی کی عمر کم از کم 5 سال، گائے / بیل / بھینس / بھینسا کی 2 سال اور بکرا / بکری کی ایک سال ہونا ضروری ہے۔ دنبہ / دنبی / بھیڑ اگر 6 ماہ کے اتنے فربہ ہوں کہ ایک سال کے لگیں تو جائز ہے۔
5	بڑے جانور مثلاً گائے وغیرہ میں 7 سے زیادہ افراد شریک نہیں ہو سکتے۔ اگر ان سات میں سے کوئی ایک بھی غیر مسلم یا مرتد مثلاً قادیانی ہوگا تو کسی کی قربانی نہیں ہوگی۔ یونہی بدمذہب کو بھی شامل نہ کیا جائے۔
6	اگر 7 حصہ داروں میں سے کسی ایک کی نیت بھی فقط گوشت حاصل کرنے کی ہو، اللہ کی رضا مقصود نہ ہو تو بھی کسی کی قربانی نہیں ہوگی۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 شوال المکرم 1444ھ 08 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

48 قربانی کے چند مسائل (حصہ دو)

1	قربانی کے گوشت کے تین حصے کرنا مستحب ہے، ایک غریبوں کے لئے، ایک رشتے داروں کے لئے اور ایک اپنے لئے رکھے۔ مگر یہ تقسیم بہتر ہے ضروری نہیں۔
2	قربانی کا گوشت جتنے دن چاہیں سنبھال کر رکھیں، تین دن کی قید نہیں البتہ طبی اعتبار سے زیادہ دن رکھنا نقصان دہ ہے۔
3	جہاں روشنی کا انتظام ہو وہاں رات میں قربانی کرنا جائز ہے اور جہاں نہ ہو وہاں مکروہ تنزیہی یعنی ناپسندیدہ ہے مگر قربانی ہو جائے گی جبکہ رگیں صحیح طرح کٹ جائیں۔
4	قربانی واجب ہے مگر کیش نہیں تو کسی سے ادھار لے کر یا کوئی چیز بیچ کر قربانی کرنی ہوگی۔
5	گھر کے چند افراد مثلاً 4 لوگوں کے لئے 4 بکرے لئے تو ہر ایک بکرے میں الگ الگ فرد کی نیت ضروری نہیں بلکہ اتنی نیت کافی ہے مثلاً یہ 4 بکرے فلاں 4 افراد کی قربانی کے لئے ہیں۔
6	قربانی صرف گھریلو پالتو جانوروں کی جائز ہے۔ اس کے علاوہ وحشی جانور جیسے ہرن، جنگلی گائے، جنگلی بیل، نیل گائے وغیرہ کی قربانی جائز نہیں اگرچہ کسی نے گھر میں پال رکھا ہو۔
7	قربانی کے بڑے جانور میں عقیقے کا حصہ شامل کرنا بھی جائز ہے، اس سے عقیقہ کرنے والوں کا عقیقہ اور قربانی والوں کی قربانی ہو جائے گی۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

17 شوال المکرم 1444ھ 08 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ آلک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-FIQH ACADEMY

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

49

قربانی کے چند مسائل (حصہ تین)

1. خصی جانور کی قربانی کرنا جائز بلکہ افضل ہے اور یہ عیب نہیں۔
2. جس جانور کے پیدائشی سینگ نہ ہوں اس کی قربانی جائز ہے۔
3. جانور کا سینگ جڑ سمیت ٹوٹ گیا تو قربانی نہیں ہو سکتی البتہ زخم ٹھیک ہو جائے تو جائز ہے۔
4. اگر جانور کے اتنے دانت سلامت ہوں جن سے وہ خود چر سکے تو قربانی جائز ہے۔
5. اندھا یا ایسا کانا جس کا کانا پن ظاہر ہو اس کی قربانی جائز نہیں۔
6. جس کے پیدائشی کان نہ ہوں یا ایک کان نہ ہو اس کی قربانی جائز نہیں۔
7. جس جانور کا کان یا دم یا چکی ایک تہائی سے زیادہ کٹے ہوئے ہوں اس کی قربانی جائز نہیں۔
8. بکری کا ایک تھن یا گائے اور بھینس کے دو تھن کٹے ہوں تو قربانی جائز نہیں۔
9. لمپی اسکن والا جانور اگر اتنا لاغر و کمزور ہے کہ ہڈیوں میں مغز نہ رہا تو اس کی قربانی جائز نہیں۔
10. جس کی ایک تہائی سے زیادہ بینائی چلی گئی اس کی قربانی جائز نہیں۔
11. جس کی بیماری ظاہر ہو اس کی قربانی جائز نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 شوال المکرم 1444ھ 08 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلیٰ الک واصحابک یا حبیب اللہ

AL RAZA QURAN-O-FIQH ACADEMY

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

50 قربانی کے چند مسائل (حصہ چار)

1. جانور ذبح کرتے ہوئے اگر سر بالکل الگ ہو جائے تو ایسا کرنا مکروہ تنزیہی ہے لیکن قربانی پر اثر نہیں پڑے گا۔
2. مسلمان عورت اگر ذبح کرنا جانتی ہو تو اس کا جانور ذبح کرنا جائز ہے البتہ بے پردگی سے بچنا ہو گا۔
3. ایک چھوٹے جانور میں ایک ہی کی قربانی ہو گی سب گھر والوں کی طرف سے قربانی نہیں ہو سکتی۔
4. قربانی کے وقت قربانی کرنا ہی ضروری ہے کوئی دوسری چیز اس کے قائم مقام نہیں ہو سکتی۔
5. قربانی کا اختتامی وقت 12 ذوالحجہ کی غروب آفتاب ہے یعنی غروب سے پہلے چھری چل جانی چاہیے ورنہ قربانی نہیں ہو گی۔ اگر جانور لیا ہوا تھا اور قربانی نہ کی تو زندہ صدقہ کرنا ہو گا۔
6. میت کے کہے بغیر اپنی طرف سے قربانی کی تو سارا گوشت صدقہ کرنا ضروری نہیں۔
7. قربانی کے جانور کی رسی اور دیگر زینت کا سامان صدقہ کرنا مستحب ہے۔
8. پچھلے سالوں میں واجب ہونے کے باجود قربانی نہ کی تو اب متوسط بکری کی قیمت صدقہ کرنا ضروری ہے۔ جس سال کی قربانی کے بدلے قیمت دینی ہے اس سال کی 13 ذوالحجہ کی قیمت کا اعتبار ہو گا۔
9. قربانی کے وقت اپنے جانور کے پاس موجود ہونا اور دعا پڑھنا بہتر ہے ضروری نہیں۔

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

17 شوال المکرم 1444ھ 08 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

51 قربانی کے لئے پالے ہوئے بکرے کو بیچنا

سوال: اگر کسی نے قربانی کے لئے بکرا پالا ہو اور اب وہ اسے بیچ کر گائے خریدنا چاہتا ہے تو ایسا کر سکتا ہے؟

USER ID: نور الحق

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ بکرا قربانی کی نیت سے نہیں خریدا تھا بلکہ بعد میں اس پر قربانی کی نیت کی اور اس کو پالا تو خاص اس جانور کی قربانی واجب نہیں بلکہ اس کو بیچ کر دوسرا جانور خریدنا جائز ہے۔ بدائع الصنائع میں ہے: "اشتری شاۃ ولم ینو الاضحیۃ وقت الشراء ثم نوی بعد ذلک أن یضحی بھا لا یجب علیہ سواء کان غنیا أو فقیرا" ترجمہ: اگر کسی نے بکری خریدی اور خریدتے وقت قربانی کی نیت نہیں تھی تو بعد میں قربانی کی نیت کرنے سے اس شخص پر اس خاص جانور کی قربانی واجب نہ ہو گی، برابر ہے کہ یہ شخص غنی ہو یا فقیر۔

(بدائع الصنائع، جلد 5، صفحہ 62)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ذو القعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

52 عمرہ کریں یا قربانی

سوال: میں نے دو لاکھ روپے جمع کئے تھے تاکہ محرم میں عمرہ کرسکوں اب قربانی کے دن بھی ہیں تو کیا قربانی مجھے کرنی ہو گی؟

USER ID: محمد حسین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایام قربانی یعنی 10 ذوالحجہ کی صبح صادق سے 12 کی غروب آفتاب تک اگر کوئی صاحب نصاب ہو اور اس پر اتنا قرض نہ ہو کہ اس کو مائنس کرے تو نصاب باقی نہ رہے تو ایسے شخص پر قربانی واجب ہوتی ہے، لہذا قربانی کے دنوں میں اگر آپ کے پاس نصاب کی قدر مال ہوا اور شرائط پائی گئیں تو قربانی واجب ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "قربانی واجب ہونے کا سبب وقت ہے جب وہ وقت آیا اور شرائط وجوب پائے گئے قربانی واجب ہو گئی۔"

(بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 333)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

30 شوال المکرم 1444ھ 21 مئی 2023ء

53 بیرون ملک سے قربانی کروانے میں وقت کا اعتبار

سوال: میں یوکے میں رہتا ہوں اور پاکستان میں قربانی کروانا چاہتا ہوں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ چونکہ 4 گھنٹے کا فرق ہے تو ہمارے ہاں عید کی نماز کا وقت نہیں ہوا ہو گا اور پاکستان میں قربانی ہو جائے گی تو اب کیا کیا جائے؟ USER ID:عبید الرحمن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سب سے پہلے یہ مسئلہ یاد رکھیں کہ اگر بیرون ملک سے قربانی کروانی ہو تو قربانی کروانے والے کی جگہ اور جس جگہ قربانی کی جارہی ہے دونوں مقامات پر قربانی کا وقت موجود ہو، اگر کسی ایک مقام پر بھی وقت شروع نہیں ہوا یا ختم ہو گیا تو قربانی نہیں ہو گی البتہ دونوں مقامات پر وقت شروع ہو چکا ہو اور جس جگہ قربانی کی جارہی ہے اگر وہ شہر ہے اور وہاں کسی ایک مقام پر بھی عید کی نماز ہو گئی تو قربانی درست ہے اگرچہ قربانی کروانے والے نے ادا نہ کی ہو۔ لہذا آپ جس سے قربانی کروا رہے ہیں ان کو فقط یہ بتا دیں کہ آپ کے ہاں دس ذوالحجہ کی صبح صادق کا وقت کیا ہے اور پاکستان میں اسی وقت کے بعد قربانی ہو تو قربانی ہو جائے گی۔ (ماخوذا: فتاوی اہلسنت، احکام قربانی، صفحہ 111)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 ذوالقعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

جانور کا دو دانت کا ہونا

سوال: بھینس قربان کرنی ہو تو دو سال کی ہونا کافی ہے یا دو دانت والا ہونا بھی ضروری ہے؟

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم حافظ ساجد علی معصومی USER ID:

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شریعت نے قربانی کے درست ہونے کے لئے جانوروں کی عمریں متعین کی ہیں نہ کہ دانتوں کو معیار بنایا ہے۔ اونٹ / اونٹی کی عمر کم از کم 5 سال ہو، گائے / بیل / بھینس / بھینسا کی عمر 2 سال ہو اور بکرا / بکری / دنبہ / دنبی / بھیڑ کم از کم ایک سال کے ہوں البتہ دنبہ / دنبی / بھیڑ اگر 6 ماہ کے اتنے بڑے ہوں کہ دیکھنے میں 1 سال کے لگیں تو ان کی قربانی ہو جائے گی۔ یاد رہے سامنے والے دو بڑے دانتوں کا نکلنا عمر پوری ہونے کے لئے صرف علامت ہے۔ حدیث میں ہے: ''لا تذبحوا الا مسنۃ، الا ان یعسر علیکم، فتذبحوا جذعۃ من الضان'' ترجمہ: تم مسنہ ہی کی قربانی کرو، لیکن اگر تم پر تنگی ہو تو دنبے یا بھیڑ کا چھ ماہ کا بچہ ذبح کر دو''۔ (مسلم، ح1963)

اس کی شرح میں ہے: ''قال العلماء: المسنۃ ھی الثنیۃ من کل شئی من الابل والبقر والغنم فما فوقھا'' ترجمہ: علماء نے فرمایا: مسنہ سے مراد اونٹ، گائے اور بکری ہر ایک میں ثنی یا اس سے بڑا ہونا ہے۔ (المنھاج شرح مسلم، جلد13، صفحہ117)

فتاوی تاتارخانیہ میں ہے: ''بکری وغیرہ میں ثنیہ وہ ہے جو ایک سال کے ہوں اور دوسرے میں داخل ہوئے ہوں، گائے وغیرہ میں وہ جو دو سال کے ہوں اور تیسرے میں داخل ہوئے ہوں اور اونٹ میں وہ جو پانچ سال کے ہوں اور چھٹے میں داخل ہوئے ہوں۔'' (تاتارخانیہ، ج17، ص425)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

55

غنی کا قربانی کا جانور مر گیا

سوال: ایک شخص جس پر شرعاً قربانی واجب تھی اس کا جانور مر گیا اور وہ غنی ہے تو اب دوسرا جانور اسی قیمت کا خریدنا ضروری ہے یا کمی کے ساتھ بھی خرید سکتا ہے؟

USER ID:عبد الرافع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ہدایۃ الحق والصواب

اگر کسی کا قربانی کا جانور مر گیا اور وہ اب بھی غنی ہے تو اس پر لازم ہے کہ دوسرا جانور خرید کر قربان کرے البتہ اسی جانور کی قیمت کے برابر یا زیادہ کا خریدنا ضروری نہیں کم قیمت کا خریدنا بھی جائز ہے۔

ہدایہ میں ہے: "قالوا إذا ماتت المشتراۃ للتضحیۃ علی الموسر مکانھا أخری ولا شیء علی الفقیر" ترجمہ: فقہائے کرام نے فرمایا کہ جب قربانی کے لیے خریدی گئی بکری مر گئی تو غنی پر دوسرے جانور کی قربانی کرنا لازم ہے جبکہ فقیر پر کچھ لازم نہیں۔

(ھدایہ، جلد4، صفحہ 407)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالقعدہ 1444ھ 13 جون 2023ء

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

56 میت کی طرف سے کی جانے والی قربانی کا گوشت

سوال: جو قربانی میت کی طرف سے کی جائے اس کا سارا گوشت صدقہ کرنا لازم ہو گا یا عام قربانی کی طرح تین حصے کیے جاسکتے ہیں؟

USER ID: میاں مسز مسل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملك الوهاب اللهم هداية الحق والصواب

میت کی طرف سے قربانی اگر میت کے کہنے کی وجہ سے اس کے مال سے کی تو سارا گوشت صدقہ کرنا ضروری ہو گا اور اگر میت کے کہے بغیر اپنی طرف سے اپنے مال سے کی تو خود بھی کھا سکتا اور صدقہ بھی کر سکتا ہے۔ فتاوی قاضی خان میں ہے: "ولو ضحى عن ميت من مال نفسه بغير امر الميت جاز وله ان يتناول منه ولا يلزمه ان يتصدق به۔۔۔ و ان ضحى عن ميت من مال الميت بامر الميت يلزمه التصدق بلحمه ولا يتناول منه" ترجمہ: اور اگر میت کی طرف سے میت کے کہے بغیر اپنے مال سے قربانی کی تو جائز ہے اور اس کا گوشت کھانا بھی جائز ہے اور صدقہ کرنا ضروری نہیں۔۔ اور اگر میت کی طرف سے قربانی میت کے کہنے کی وجہ سے میت کے مال سے کی تو گوشت کو صدقہ کرنا لازم ہے اور اس میں سے خود کھا نہیں سکتا۔ (فتاوی قاضی خان، جلد 3، صفحہ 239)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالقعدہ 1444ھ 13 جون 2023ء

57 جانور کی گردن پر رسولی ہو تو قربانی

سوال: ہم نے قربانی کے لئے جانور خریدا اور اس کی گردن میں رسولی ہے تو کیا قربانی ہو جائے گی؟

USER ID: حافظ شاہد علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

اگر جانور کی گردن پر موجود رسولی نے کسی عضو کی منفعت کو مکمل طور پر نقصان نہیں پہنچایا تو اس کی قربانی کرنا جائز ہے۔ عالمگیری میں ہے: ”کل عیب یزیل المنفعۃ علی الکمال او الجمال علی الکمال یمنع الاضحیۃ وما لا یکون بھذہ الصفۃ لا یمنع“ ترجمہ: ہر وہ عیب جو منفعت یا خوبصورتی کو مکمل طور پر زائل کردے اس کی قربانی نہیں ہو سکتی اور جس جانور میں ایسا عیب نہ ہو تو قربانی ہو جائے گی۔ (عالمگیری، جلد 5، صفحہ 299)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ 1444ھ 14 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

58

گائے کے تین تھن خشک ہو گئے

سوال: گائے کے تین تھن خشک ہو گئے ہیں اور ایک سے دودھ آتا ہے تو کیا قربانی ہو جائے گی؟

USER ID: احسن علی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

گائے یا بھینس کے اگر دو تھن بھی خشک ہو جائیں تو قربانی جائز نہیں ہوتی لہذا معلوم کی گئی صورت میں اس گائے کی قربانی نہیں ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "گائے بھینس میں دو (تھن) خشک ہوں تو ناجائز ہے۔"

(بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 341)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ 1444ھ 14 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

قربانی کے جانور نے بچہ دے دیا

سوال: ہم جانور خرید کر لائے اس نے بچہ دے دیا اب اس کی قربانی کا کیا حکم ہے؟

USER ID:رضا غزالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جس جانور کے پیٹ سے بچہ نکلا اگر اس میں قربانی سے مانع کوئی عیب نہیں تو اس کی قربانی ہو جائے گی اور جو بچہ نکلا ہے اس کو بھی ذبح کرنا ہو گا۔ فتاوی فیض الرسول میں ہے: "جس بکری کے پیٹ میں بچہ نکلے خواہ زندہ ہو یا مردہ اگر وہ شرعی طریقہ پر ذبح کی گئی ہے تو اس گوشت کھانا جائز ہے اور جو بچہ اس کے پیٹ میں زندہ نکلے اگر چاہیں تو اس کو بھی ذبح کر دیں اور چاہیں تو باقی رکھیں۔ لیکن قربانی کے جانور میں زندہ بچہ نکلے تو اس کا ذبح کرنا ضروری ہے۔" (فتاوی فیض الرسول، جلد2، صفحہ 370)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24ذوالقعدہ1444ھ 14جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

60

ایک گائے میں تین افراد کی شرکت

سوال: ایک گائے میں تین افراد شریک ہو سکتے ہیں یا سات پورے کرنے ہوں گے؟

USER ID:نعمان

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

بڑے جانور کی قربانی میں زیادہ سے زیادہ سات افراد شریک ہو سکتے ہیں اور کمی کی جانب کوئی حد مقرر نہیں یعنی سات سے کم افراد بھی شریک ہوں تو جائز ہے، اس مسئلہ میں قاعدہ یہ ہے کہ کسی بھی شریک کا حصہ ساتویں حصے سے کم نہ ہو لہذا سات سے کم افراد کی شرکت کی صورت میں کسی کا حصہ ساتویں حصے سے کم نہیں ہو گا لہذا قربانی درست ہے۔ در مختار میں ہے: "ولو لاحدھم اقل من سبع لم یجز عن احد و تجزی عما دون سبعة بالاولی" ترجمہ: اور اگر (بڑے جانور جیسے اونٹ اور گائے میں) کسی ایک کا حصہ ساتویں حصے سے کم ہو تو کسی کی قربانی جائز نہیں اور اگر شریک سات سے کم ہیں تو بدرجہ اولی قربانی جائز ہے۔ (در مختار، صفحہ 645)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ
ابو البنات فراز عطاری مدنی
24 ذوالقعدہ 1444ھ 14 جون 2023ء

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

61

قربانی کی شرعی حیثیت

سوال: قربانی کی شرعی حیثیت کیا ہے قرآن میں تو اس کا ذکر نہیں؟

USER ID:عابد مجید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی صاحب نصاب پر اپنی شرائط کے ساتھ واجب ہے۔ اللہ پاک سورہ کوثر میں فرماتا ہے: "فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَ انْحَرْ" ترجمہ: تو تم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔ تفسیر: بتوں کے نام پر ذبح کرنے والوں کی مخالفت کرتے ہوئے اپنے رب عزوجل کے لئے اور اس کے نام پر قربانی کریں۔ (صراط الجنان، جلد10، صفحہ833)

حدیث پاک میں ہے: "من وجد سعة فلم يضح فلا يقربن مصلانا" ترجمہ: جو شخص وسعت ہونے کے باوجود قربانی نہ کرے وہ ہماری عید گاہ کے قریب نہ آئے۔ (مسند احمد، جلد14، صفحہ24)

مفتی اعظم ہند رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "یہی وہ حدیث ہے جس سے ائمہ احناف نے وجوب کا حکم فرمایا۔" (فتاوی مصطفویہ، صفحہ586)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ1444ھ 14 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

نماز فجر کے بعد جانور ذبح کرنا

سوال: نماز فجر کے فورا بعد جانور ذبح کر دینا کیسا؟

USER ID: عزیز ظہیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شہر میں قربانی کرنی ہو تو شہر میں کم از کم کسی ایک مقام پر نماز عید کی ادائیگی لازم ہے، اگر اس سے پہلے کسی نے قربانی کر دی تو نہیں ہو گی اور گاؤں میں صبح صادق کے بعد قربانی کی تو جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "قربانی کا وقت نماز (عید) کے بعد ہے اگر شہر میں کرے یعنی نماز پڑھنے کے بعد اگرچہ خطبہ سے قبل ہو لیکن خطبہ کے بعد مستحب ہے۔۔۔ اور اگر گاؤں میں ذبح کرنی ہو تو عید کے روز صبح طلوع ہونے کے بعد۔۔ الخ"

(فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 379)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

25 ذوالقعدہ 1444ھ 15 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی
آن لائن

جانور کی پیدائشی گلٹی ہو

سوال: جانور میں پیدائشی گلٹی ہو تو قربانی کا کیا حکم ہے؟

USER ID: رمضان عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر اس گلٹی نے کسی عضو کی منفعت کو مکمل طور پر نقصان نہیں پہنچایا تو اس کی قربانی کرنا جائز ہے۔ عالمگیری میں ہے: "کل عیب یزیل المنفعۃ علی الکمال او الجمال علی الکمال یمنع الاضحیۃ وما لا یکون بھذہ الصفۃ لا یمنع" ترجمہ: ہر وہ عیب جو منفعت یا خوبصورتی کو مکمل طور پر زائل کردے اس کی قربانی نہیں ہو سکتی اور جس جانور میں ایسا عیب نہ ہو تو قربانی ہو جائے گی۔

(عالمگیری، جلد 5، صفحہ 299)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

لمپی اسکن والا جانور

سوال: پچھلے سال لمپی اسکن سے متاثر جانور موجود ہیں جن پر بیماری کے داغ ہیں مگر وہ ہیں تندرست تو قربانی کا کیا حکم ہے؟

USER ID: اسحاق ضیائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ جانور اتنے لاغر ہیں کہ ہڈیوں میں مغز نہ رہا ہو یا بیماری کے سبب ان کے گوشت کو نقصان پہنچا ہو تو ان کی قربانی جائز نہیں اور اگر ایسا نہیں تو ان کی قربانی ہو جائے گی۔ عالمگیری میں ہے: ”وتجوز الجرباء اذا كانت سمينة فان كانت مهزولة لا تجوز“ ترجمہ: خارشی جانور اگر فربہ ہے تو اس کی قربانی جائز ہے اور اگر اتنا کمزور ہو گیا کہ ہڈیوں میں مغز نہ رہا تو قربانی جائز نہیں۔

(عالمگیری، جلد 5، صفحہ 298)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

بکرا لنگڑا کر چلتا ہو

سوال: بکرا ایک ٹانگ سے تھوڑا لنگڑا کر چلتا ہے قربانی ہو جائے گی؟

USER ID: محمد نعیم انجم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کا جانور اگر ایسا لنگڑا ہو کہ خود چل کر قربان گاہ تک نہ جا سکے تو ایسے جانور کی قربانی جائز نہیں اور اگر ایسا نہیں تو جائز ہے۔ بہار شریعت میں ہے: "لنگڑا جو قربان گاہ تک اپنے پاؤں سے نہ جا سکے (اس کی قربانی جائز نہیں)۔ (بہار شریعت، جلد3، صفحہ 341)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26ذوالقعدہ1444ھ 16جون 2023ء

66

بکرے کا ایک سینگ ٹوٹ گیا

سوال: ایک بکرے کا ایک سینگ جڑ سے کچھ اوپر سے ٹوٹ گیا تھا اب زخم ٹھیک ہو گیا ہے کیا اس کی قربانی ہو جائے گی؟

USER ID: محمد اعظم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے جانور کا سینگ اگر جڑ سے نہ ٹوٹا ہو تو اس کی قربانی جائز ہے جبکہ قربانی سے مانع کوئی اور عیب نہ ہو اور جڑ سمیت ٹوٹا مگر زخم بالکل بھر گیا تو بھی قربانی جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "سینگ ٹوٹنا اس وقت قربانی سے مانع ہوتا ہے جبکہ سر کے اندر جڑ تک ٹوٹے، اگر اوپر کا حصہ ٹوٹ جائے تو مانع نہیں۔۔۔ اگر یہ ٹوٹ مشاش تک ہو، تو نا جائز ہے اور مشاش ہڈی کے سرے کو کہتے ہیں جیسے گھٹنے اور کہنیاں اور پھر اگر ایسا ہی ٹوٹا تھا کہ مانع ہوتا، مگر اب زخم بھر گیا، عیب جاتا رہا تو حرج نہیں۔ (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 460)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

جانور کی کھال امام کو دینا

سوال: کیا قربانی کے جانور کی کھال امام کو دے سکتے ہیں؟

USER ID: یعقوب احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کی کھال امام کو دینا جائز ہے مگر یہ دینا بطور اجرت کے نہ ہو ہاں اگر مسجد کے مہتمم کو مسجد کے کاموں کے لئے دے دی اور اس نے امام کو اجرت میں دی تو جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "قربانی کی کھال امام مسجد کو دینا جائز ہے اگر وہ فقیر ہو، اور بطور صدقہ دیں، یا غنی ہو اور بطور ہدیہ دیں، لیکن اگر اس کی اُجرت اور تنخواہ میں دیں تو اس کی دو صورتیں ہیں اگر وہ اپنا نوکر ہے تو اس کی تنخواہ میں دینا جائز نہیں۔ اور اگر وہ مسجد کا نوکر ہے اور کھال مہتمم مسجد کو مسجد کے لئے دے دی اس نے مسجد کی طرف امام کی تنخواہ میں دے دی تو اس میں کچھ حرج نہیں۔" (فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ480)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26ذوالقعدہ1444ھ 16جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

68 حاجت سے زیادہ کپڑے اور سامان

سوال: اگر کسی کے پاس جہیز کا سامان ایسا ہے جو سالوں سال استعمال نہیں ہوتا یا کچھ کپڑے ہیں جو پورا سال استعمال نہیں ہوتے تو کیا ان کی قیمت کو نصاب میں شمار کیا جائے گا؟

USER ID: اکرام رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر وہ سامان یا کپڑے حاجت اصلیہ کے علاوہ ہیں مثلا اضافی برتن یا دعوت ہی میں پہننے کے مہنگے کپڑے تو ان کی موجودہ قیمت کو نصاب میں شامل کرنا ہو گا کیونکہ قربانی میں مال نامی ہونا شرط نہیں، اور اگر وہ حاجت اصلیہ کے ہیں تو ان کو نصاب میں شامل نہیں کیا جائے گا۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "ہر مالک نصاب مسلمان پر کہ اس کی اصل حاجت سے زائد ہو اگر چہ یہ نصاب نامی نہ ہو تو راجح قول پر محارم کا نفقہ اور قربانی واجب ہے۔۔۔ الخ" (فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ368)

فیضان زکوۃ میں شامی کے حوالے سے ہے: "وہ چیزیں جو حاجتِ اصلیہ سے زائد ہیں زینت کے لیے دی جاتی ہیں جیسے زیور اور حاجت کے علاوہ اسباب اور برتن اور آنے جانے کے بیش قیمت بھاری جوڑے، ان چیزوں کی قیمت اگر بقدر نصاب ہے عورت غنی ہے زکوۃ نہیں لے سکتی۔" (فیضان زکوۃ، صفحہ72)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ1444ھ 16 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

جانوروں کے نام

سوال: جانوروں کے نام رکھنا کیسا؟

USER ID: فیضان رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

جانوروں کے نام رکھنا نہ صرف جائز بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے لیکن نام مہذب ہوں، فضول قسم کے نام رکھنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ نام رکھنے کے احکام میں ہے: "رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے گھوڑوں کے نام لحیف، ظرب، لزاز، ایک سیاہی مائل سفید خچر تھا جسے دلدل کہا جاتا تھا، ایک اونٹی جسے قصواء کے نام سے موسوم کیا جاتا تھا جبکہ دراز گوش کا نام یعفور تھا۔"
(ماخوذا: نام رکھنے کے احکام، صفحہ 111)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

حاجت اصلیہ

سوال: حاجت اصلیہ سے کیا مراد ہے؟

USER ID: حسیب رضا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حاجت اصلیہ سے مراد وہ چیزیں ہیں جن کی عموماً انسان کو ضرورت ہوتی ہے اور ان کے بغیر گزارا کرنے میں دشواری ہوتی ہے جیسے رہنے کا گھر، پہننے کے کپڑے، سواری مثلاً گاڑی، بائیک، علم دین سے متعلق کتابیں، اور پیشے کے اوزار وغیرہ۔ بہار شریعت میں ہے: "حاجت اصلیہ یعنی جس کی طرف زندگی بسر کرنے میں آدمی کو ضرورت ہے اس میں زکاۃ واجب نہیں، جیسے رہنے کا مکان، جاڑے گرمیوں میں پہننے کے کپڑے، خانہ داری کے سامان، سواری کے جانور، خدمت کے لیے لونڈی غلام، آلات حرب، پیشہ وروں کے اوزار، اہل علم کے لیے حاجت کی کتابیں، کھانے کے لیے غلّہ۔"

(بہار شریعت، جلد1، صفحہ 881،880)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

حلال جانور کی کھال کھانا

سوال: حلال جانور کی کھال کھانا کیسا؟

USER ID: میاں مزمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حلال جانور جس کو شرعی طریقے سے ذبح کیا گیا ہو اس کی کھال کھانا جائز ہے کہ یہ ممنوعہ اجزا میں سے نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”مذبوح حلال جانور کی کھال بے شک حلال ہے، شرعاً اس کا کھانا ممنوع نہیں، اگرچہ گائے بھینس بکری کی کھال کھانے کے قابل نہیں ہوتی۔“ (فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ 233)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالقعدہ 1444ھ 18 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

72 غیر مسلم کو قربانی کا گوشت دینا

سوال: غیر مسلم کو قربانی کا گوشت دینا؟

USER ID: محمد ثوبان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینے کی اجازت نہیں کہ قربانی شعار اسلام اور اعلی عبادت ہے لہذا اس کا گوشت بھی مسلمانوں ہی کو دیا جائے گا۔ فتاوی اہلسنت میں ہے: "خلاصہ کلام یہ ہے کہ ہمارے ملک میں رہنے والے غیر مسلم حربی ہیں اور انہیں قربانی کا گوشت نہیں دینا چاہیے۔"

(فتاوی اہلسنت، احکام قربانی، صفحہ 97)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالقعدہ 1444ھ 18 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ
AL RAZA QURAN-FIQH ACADEMY
آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

73

نماز عید سے پہلے قربانی

سوال: اگر کسی نے جان کر یا بھول کر شہر میں نماز عید سے پہلے قربانی کر لی تو کیا حکم ہے؟

USER ID: علامہ احمد فیضی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شہر میں قربانی درست ہونے کے لئے شرط ہے کہ اس شہر میں کسی ایک مقام پر نماز عید کی ادائیگی ہو گئی ہو، اگر کسی نے اس سے پہلے قربانی کر لی چاہے بھول کر یا جان اس کی قربانی نہیں ہو گی۔ بہار شریعت میں ہے: "شہر میں قربانی کی جائے تو شرط یہ ہے کہ نماز ہو چکے لہٰذا نماز عید سے پہلے شہر میں قربانی نہیں ہو سکتی اور دیہات میں چونکہ نماز عید نہیں ہے یہاں طلوع فجر کے بعد سے ہی قربانی ہو سکتی ہے اور دیہات میں بہتر یہ ہے کہ بعد طلوع آفتاب قربانی کی جائے اور شہر میں بہتر یہ ہے کہ عید کا خطبہ ہو چکنے کے بعد قربانی کی جائے۔ یعنی نماز ہو چکی ہے اور ابھی خطبہ نہیں ہوا ہے اس صورت میں قربانی ہو جائے گی مگر ایسا کرنا مکروہ ہے۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 337)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26 ذوالقعدہ 1444ھ 16 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

74

جانور کی آنکھ میں چوٹ

سوال: جانور کی آنکھ پر چوٹ لگی جس سے اس کی آنکھ سفید ہو گئی قربانی کا کیا حکم ہے؟

USER ID: محمد عثمان عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر جانور کی ایک تہائی سے زیادہ بینائی چلی گئی ہے تو اس کی قربانی نہیں ہو گی، اگر ایسا نہیں تو ہو جائے گی۔ بہار شریعت میں ہے:" جس جانور کی تہائی سے زیادہ نظر جاتی رہی اوس کی بھی قربانی ناجائز ہے اگر دونوں آنکھوں کی روشنی کم ہو تو اس کا پہچاننا آسان ہے اور صرف ایک آنکھ کی کم ہو تو اس کے پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ جانور کو ایک دو دن بھوکا رکھا جائے پھر اوس آنکھ پر پٹی باندھ دی جائے جس کی روشنی کم ہے اور اچھی آنکھ کھلی رکھی جائے اور اتنی دور چارہ رکھیں جس کو جانور نہ دیکھے پھر چارہ کو نزدیک لاتے جائیں جس جگہ وہ چارے کو دیکھنے لگے وہاں نشان رکھ دیں پھر اچھی آنکھ پر پٹی باندھ دیں اور دوسری کھول دیں اور چارہ کو قریب کرتے جائیں جس جگہ اس آنکھ سے دیکھ لے یہاں بھی نشان کر دیں پھر دونوں جگہوں کی پیمائش کریں اگر یہ جگہ اوس پہلی جگہ کی تہائی ہے تو معلوم ہوا کہ تہائی روشنی کم ہے اور اگر نصف ہے تو معلوم ہوا کہ بہ نسبت اچھی آنکھ کی اس کی روشنی آدھی ہے۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 341)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 ذوالقعدہ 1444ھ 17 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

75

قربانی کے جانور کے پائے بیچ کر قیمت مسجد میں

سوال: قربانی کے جانور کے پائے بیچ کر قیمت مسجد میں دینا کیسا؟

USER ID: محمد عابد سعیدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

قربانی کے جانور کے پائے اگر اسی نیت سے بیچے کہ اس کی قیمت مسجد میں دیں گے تو جائز ہے البتہ اپنے استعمال میں لانے کے لئے بیچنا جائز نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "جائز ہے کہ (قربانی کی کھال وغیرہ کو) تصدق کے لئے بیچا یا مسجد کے صرف میں لانا دونوں قربت ہیں، اور یہاں وہی مقصود ہے۔"

مزید فرماتے ہیں: "البتہ یہ ناجائز ہے کہ اپنے یا اپنے اہل وعیال اور اغنیا کے صرف میں لانے کو گوشت یا کھال یا کسی جز کو بعوض ایسی اشیاء کے فروخت کرے جو استعمال میں خرچ ہو جائیں اور باقی نہ رہیں جس طرح روپیہ پیسہ یا کھانے پینے کی چیزیں یا تیل پھلیل وغیرہ کہ ان کے عوض اپنی نیت سے بیچنا تمول ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 20، صفحہ 467،466)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالقعدہ 1444ھ 18 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

76

حاملہ جانور کی قربانی

سوال: قربانی کے لئے جانور خریدا اور بعد میں پتا چلا کہ اس کے پیٹ میں بچہ ہے تو کیا قربانی ہو جائے گی؟

USER ID: حافظ اعجاز سیالوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

حاملہ جانور کی قربانی بہتر نہیں لیکن اگر اس میں قربانی سے مانع کوئی عیب نہیں تو اس کی قربانی جائز ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”گابھن کی قربانی، اگرچہ صحیح ہے، مگر ناپسند ہے۔“

(فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ 370)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29ذوالقعدہ1444ھ 19 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

قربانی کا جانور چوری ہو گیا

سوال: قربانی کا جانور اگر چوری ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: علی ابرار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

شرعی فقیر نے قربانی کی نیت سے جانور خریدا اور چوری ہو گیا یا گم گیا تو دوسرا جانور خریدنا اس پر واجب نہیں اگر غنی ہو اور جانور نہ ملے تو اس پر لازم ہے کہ دوسرا جانور خرید کر قربانی کرے۔ بدائع الصنائع میں ہے: "اذا اشتری شاۃ للاضحیۃ وھو موسر ثم انھا ماتت او سرقت او ضلت فی ایام النحر انہ یجب علیہ ان یضحی بشاۃ اخری۔۔ وان کان معسرا فاشتری شاۃ للاضحیۃ فھلکت فی ایام النحر او ضاعت سقطت عنہ ولیس علیہ شئی آخر" ترجمہ: غنی نے قربانی کی نیت سے بکری خریدی پھر وہ ایام نحر میں مر گئی یا چوری ہو گئی یا گم گئی تو اس پر دوسری بکری کی قربانی واجب ہے۔۔ اور اگر شرعی فقیر نے قربانی کی نیت سے بکری خریدی اور وہ ہلاک ہو گئی ایام نحر میں یا ضائع ہو گئی تو اس پر سے قربانی ساقط ہو گئی اور اس پر دوسرا جانور قربان کرنا واجب نہیں۔

(بدائع الصنائع، جلد 5، صفحہ 66)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29 ذوالقعدہ 1444ھ 19 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

خواتین کے مسائل

78 دس دن کے اندر دوبارہ خون آجائے

سوال: ہندہ کی عادت چار دن کی تھی اس مرتبہ تین دن کے بعد خون بند ہو گیا مگر پانچویں دن دوبارہ داغ لگا تو کیا حکم ہے؟ زید کہتا ہے کہ یہ استحاضہ ہے حیض نہیں۔

USER ID: اختر طارق اشرفی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

زید کا کہنا درست نہیں ہے۔ پانچویں دن آنے والا خون حیض ہی ہے اس لئے کہ دس دن کے اندر عورت کو آنے والا خون حیض ہی میں شمار ہوتا ہے اگرچہ عادت سے دن زیادہ ہو جائیں، البتہ دس دن کے بعد بھی خون آئے تو اب عادت کے دن حیض میں اور باقی دن استحاضہ میں شمار ہوتے ہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "دس دن کے اندر رطوبت میں ذرا بھی میلا پن ہے تو وہ حَیض ہے اور دس دن رات کے بعد بھی میلا پن باقی ہے تو عادت والی کے لیے جو دن عادت کے ہیں حَیض ہے اور عادت سے بعد والے اِستحاضہ۔۔الخ"

(بہار شریعت، جلد 1، صفحہ 373)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شوال المکرم 1444ھ 19 مئی 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

79

نماز میں عورت کی کلائی کھل جائے

سوال: اگر نماز میں عورت کی کلائی ایک بالشت کھل جائے تو کیا حکم ہے؟

USER ID: مخدوم حسلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

عورت کے لئے نماز میں جن اعضا کا چھپانا ضروری ہے ان میں سے ایک مکمل عضو کہنی سے گٹوں کے نیچے تک کا حصہ ہے، لہذا نماز میں اگر یہ حصہ چوتھائی یا اس سے زیادہ کی مقدار کھل گیا اور تین بار سبحان اللہ کہنے کی مقدار کھلا رہا تو نماز ٹوٹ جائے گی۔ بہار شریعت عورت کے اعضاء ستر کے بیان میں عضو نمبر 10 اور 11 میں ہے: "دونوں کلائیاں یعنی کہنی کے بعد سے گٹوں کے نیچے تک۔" اسی میں ہے: "جن اعضا کا ستر فرض ہے، ان میں کوئی عضو چوتھائی سے کم کھل گیا، نماز ہو گئی اور اگر چوتھائی عضو کھل گیا اور فوراً چھپالیا، جب بھی ہو گئی اور اگر بقدر ایک رکن یعنی تین مرتبہ سبحان اللہ کہنے کے کھلا رہا یا بالقصد کھولا، اگرچہ فوراً چھپالیا، نماز جاتی رہی۔" (بہار شریعت، ج1، ص482)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

04 ذوالقعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

جائز وناجائز

80 ہم بستری کے بعد غسل سے پہلے کچھ کھانا

سوال: ہم بستری کے بعد غسل سے پہلے کچھ کھانا پینا کیسا؟

USER ID: بلال سسندھو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہم بستری کے بعد غسل سے پہلے کچھ کھانا پینا ہو تو ہاتھ دھونا اور کلی کرنا بہتر ہے بغیر ہاتھ منہ دھوئے کھانا پینا مکروہ ہے مگر کھایا تو گناہ نہیں۔ درمختار میں ہے: "لاباس باکل وشرب بعد مضمضۃ وغسل ید واما قبلھا فیکرہ للجنب "ترجمہ: کلی کرنے اور ہاتھ دھولینے کے بعد کھانے پینے میں حرج نہیں، اوراس سے پہلے جنب کے لئے مکروہ ہے۔ (ملخصا: درمختار، باب الحیض، صفحہ 44)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

27 شوال المکرم 1444ھ 18 مئی 2023ء

آن لائن الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

81

الٹا سونا

سوال: الٹا (پیٹ کے بل) سونا کیسا؟

USER ID: شفاعت مسلی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

پیٹ کے بل سونے سے بچنا چاہیے کہ احادیث میں اس طرح سونے کو ناپسند کیا گیا ہے البتہ اس طرح سونے والے کو گناہ گار نہیں کہہ سکتے۔ چنانچہ ترمذی میں ہے: "رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رجلا مضطجعا علی بطنہ فقال: ان ھذہ ضجعۃ لایحبھا اللہ" ترجمہ: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو پیٹ کے بل لیٹے ہوئے دیکھا تو فرمایا بے شک یہ پیٹ کے بل لیٹنا اللہ کو پسند نہیں۔

(ترمذی، حدیث 2777)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 شوال المکرم 1444ھ 18 مئی 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

82

تعظیما جھکنا

سوال: استاد یا پیر یا والدین کی تعظیم کے لئے جھکنا کیسا؟

USER ID: قمر الدین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق و الصواب

کسی کی تعظیم کے لئے حد رکوع تک جھکنا ناجائز ہے اور حد رکوع سے کم ہو تو جائز۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”نفس انحناء (جھکنے) سے تعظیم مقصود ہو، یہ اگر رکوع تک ہے، ناجائز و گناہ ہے اور اس سے کم ہے تو حرج نہیں۔“

(فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ 550)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

28 شوال المکرم 1444ھ 19 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

83

ایپ سے چہرہ بگاڑنا

سوال: آج کل مختلف ایپ سے چہرہ بگاڑا جاتا ہے یا جوان کو بوڑھا کیا جاتا ہے ایسا کرنا کیسا؟

USER ID: ام انس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ایپ کے ذریعے اپنا یا کسی مسلمان کا چہرہ بگاڑنا ممنوع ہے کہ چہرہ اشرف الاعضاء ہے لہذا یہ ہرگز مناسب نہیں کہ تصویر میں بھی اس کو بگاڑا جائے، اگر اس میں دھوکہ دینا مقصود ہو تو حرام ہے، اسی طرح دوسروں کا چہرہ بگاڑنا بھی ناجائز ہے کہ اس میں دوسرے کی تذلیل اور دل آزاری ہے البتہ جوان کی تصویر کو بوڑھا کرنے میں دھوکے کا قصد نہ ہو نہ ہی کسی کی دل آزاری ہوتی ہو اور کوئی اچھی نیت شامل ہو مثلاً عبرت حاصل کرنا مقصود ہو تو جائز ہے اور اگر کوئی اچھی نیت نہ ہو تو بچنا ہی مناسب ہے۔ (ملخصا: فتاوی اہلسنت)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 شوال المکرم 1444ھ 19 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

84

نیلامی میں بیچا جانے والا مال

سوال: کسٹم میں مال پھنس گیا اور مالک مال نکلوا نہیں سکا تو اس کو نیلام کر دیا جاتا ہے تو کیا یہ خریدنا جائز ہے؟

USER ID: عزیز عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر یہ نیلامی مالک کی اجازت سے ہو تو اس کا خریدنا جائز ہے اور اگر مالک کی اجازت کے بغیر بیچا جارہا ہو تو یہ خرید و فروخت مالک کی اجازت پر موقوف رہے گی، اگر مالک اس عقد کو جائز قرار دے دے یعنی اس خرید و فروخت کی اجازت دے دے تو جائز ہو جائے گی اور خریدنے والا اس چیز کا مالک ہو جائے گا اور اگر مالک اس عقد کو رد کر دے تو یہ خرید و فروخت باطل ہو جائے گی اور اصل مالک ہی کی ملکیت پر باقی رہے گی، اس کی اجازت کے بغیر اس میں تصرف جائز نہیں ہو گا۔ (ملخصا: ماہنامہ فیضان مدینہ، محرم الحرام 1440)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 ذوالقعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

85 شعر ہم نے میخانے میں خدا دیکھا

سوال: یہ شعر کہنا کیسا "ہم نے دیکھے ہیں احرام میں لپٹے کئی ابلیس ہم نے میخانے میں کئی بار خدا دیکھا ہے"؟

USER ID: عسلی سونو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مصرعہ ثانی میں اگر قائل کی مراد یہ ہے کہ ہم نے شراب خانوں میں نیک لوگ بہت دیکھے ہیں اور انہی کو خدا کہہ رہا ہے تو یہ صریح کفر ہے کیونکہ لفظ "خدا" اللہ پاک کے لئے خاص ہے اور کسی اور کو خدا کہنا کفر ہے۔ مفتی اعظم ہند مصطفی رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: 'اللہ عزوجل پر ہی خدا کا اطلاق ہو سکتا ہے۔" (فتاوی مفتی اعظم ہند، صفحہ 7)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

04 ذوالقعدہ 1444ھ 25 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

86

انسٹا گرام کا ریل بونس

سوال: انسٹا گرام پر مختلف موضوعات پر creator reels بناتے ہیں اور ویوز پر ڈالرز بطور بونس ملتے ہیں، reels پر کوئی ایڈ نہیں چلتی انسٹا صرف اپنی تشہیر کے لئے ایسا کرتا ہے ایسا بونس لینا جائز ہے؟ USER ID:ابرائیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر سوال میں دی گئی معلومات درست ہیں کہ یہ بونس صرف ویوز پر ملتا ہے تو اس میں فی نفسہ قباحت نہیں کیونکہ یہ تحفہ ہے لیکن اس میں چند قیودات ہیں۔reel ڈالنے والا جائز مواد پر مشتمل ویڈیو ڈالے، اس میں میوزک، بے پردگی اور کسی قسم کا دھوکہ نہ ہو، کسی کی ذاتی ویڈیو چوری کر کے نہ ڈالی جائے اگرچہ اس میں کچھ کمی زیادتی کر بھی دی ہو، فضولیات پر مشتمل نہ ہو۔ اگر ان خرافات سے پاک ویڈیو ہے جس میں کوئی دینی یا دنیاوی فائدے ہے تو اس پر ملنے والا انعام لینا جائز ہے۔ لغۃ الفقہاء میں ہے: "اعطاء شئی بغیرعوض صلۃ و تقربا و اکراما" ترجمہ: کسی کو بغیر عوض کے بطور انعام و تعظیم کچھ دینا ھدیہ ہے۔ (لغۃ الفقہاء، صفحہ 368)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

87

چائنیز نمک کھانا

سوال: چائنیز نمک کھانا کیسا؟

USER ID: شاہ زیب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

چائنیز نمک کھانا جائز ہے کیونکہ شرعی قانون یہ ہے کہ جب تک کسی چیز میں حرام اجزا ملے ہونے کا یقین نہ ہو اس وقت تک اس کو حرام نہیں کہا جا سکتا مثلا بنانے والا خود اقرار کرے یا شرعی گواہوں کے ذریعے ثابت ہو جائے۔ الاشباہ میں ہے:"الیقین لا یزول بالشك"ترجمہ: یقین شک سے زائل نہیں ہوتا۔

(الاشباہ والنظائر، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

88

جیز کیش اکاؤنٹ

سوال: جیز اور وارد نمبر کے علاوہ سے جیز کیش اکاؤنٹ بنانا کیسا؟

USER ID: عبد المقیت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ہماری معلومات کے مطابق جیز اور وارد نمبر کے علاوہ کسی نمبر سے جیز کیش اکاؤنٹ بنایا جائے تو اس میں قرض پر مشروط نفع نہیں دیا جاتا لہذا یہ اکاؤنٹ کھلوانا جائز ہے کیونکہ اصل وجہ ممانعت یہی تھی تو جب یہ ختم ہو گئی تو جواز کا حکم آ گیا۔ حدیث پاک میں ہے: "کل قرض جر منفعة فھو ربا" ترجمہ: ہر وہ قرض جو نفع لائے سود ہے۔

(نصب الرایہ، جلد 4، صفحہ 60)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

08 ذوالقعدہ 1444ھ 29 مئی 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

89

غیر مسلم کی داڑھی مونڈنا

سوال: اگر کوئی حجامت کا کام سیکھے اور باہر ملک جاکر غیر مسلم کی داڑھی مونڈے تو کیسا؟

USER ID: از محمد شیر

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

صحیح قول کے مطابق غیر مسلم فروعی احکام کے مکلف ہیں لہذا مسلمان کو ان کی داڑھی مونڈنا بھی ناجائز و گناہ ہے۔ اللہ کریم سورہ مدثر میں ارشاد فرماتا ہے: "مَا سَلَكَكُمْ فِي سَقَرَ قَالُوا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّينَ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِينَ" ترجمہ: کون سی چیز تمہیں دوزخ میں لے گئی؟ وہ کہیں گے ہم نماز نہیں پڑھتے تھے۔ اور مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔ (المدثر: 42 تا 44)

تفسیر بیضاوی میں ہے: "فیہ دلیل ان الکفار مخاطبون بالفروع" ترجمہ: اس آیت میں اس بات پر دلیل ہے کہ کفار فروع کے مکلف ہیں۔ (بیضاوی، تحت الآیہ 44، دار احیاء التراث العربی)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

آن لائن الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

90 اسائنمنٹ لکھنے کی اجرت

سوال: آن لائن اسائنمنٹ لکھنے اور اس پر اجرت لینے کا کیا حکم ہے؟ اس میں ممبرز بنانے والا سلسلہ نہیں ہوتا اور یہ کام معذور بچوں کا ہوتا ہے جو لکھ نہیں سکتے۔

USER ID: ممبر ایان عطاری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اسائنمنٹ اگر جائز مواد (content) پر مشتمل ہو اور کام اور اجرت طے ہو تو جائز ہے، شرعاً کوئی قباحت نہیں البتہ اسائنمنٹ یا ہوم ورک اگر کسی خاص فرد کو دیا گیا ہے تاکہ اس کی صلاحیت کا اندازہ ہو تو اب کسی اور سے کروا کر دینا دھوکے اور جھوٹ کی وجہ سے ناجائز ہے۔ حدیث پاک میں ہے: "من غش فلیس منی" ترجمہ: جو دھوکہ دے وہ مجھ سے نہیں۔ (مسلم، حدیث 102)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

12 ذوالقعدہ 1444ھ 02 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

سالگرہ پر کیک کاٹنا

سوال: سالگرہ پر کیک کاٹنا کیسا؟

USER ID:حافظ عمران

بسم اللہ الرحمن الرحیم
الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

سالگرہ پر کیک کاٹنا تو جائز ہے لیکن ہمارے ہاں سالگرہ کے موقع پر غیر شرعی حرکات بھی کی جاتی ہیں مثلاً ڈانس، مردوں عورتوں کا اختلاط، بے پردگی وغیرہ، اگر ایسی حرکات ہوں تو اس طرح سالگرہ منانا جائز نہیں۔ مختلف کتابوں میں فقہ کا یہ قاعدہ موجود ہے: "الاصل فی الاشیاء الاباحۃ" ترجمہ: اشیاء میں اصل مباح (جائز) ہونا ہے۔ (عمدۃ القاری، جلد 5، صفحہ 49)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالقعدہ 1444ھ 13 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

92

انگوٹھی میں چھوٹے چھوٹے نگ

سوال: چاندی کی انگوٹھی میں اگر چھوٹے چھوٹے نگ لگے ہوں تو ان کو پہن سکتے ہیں؟

USER ID: میاں عاصم جاوید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مرد کے لئے صرف چاندی کی ایک انگوٹھی جو ساڑھے چار ماشے (4.374gm) سے کم ہو اور اس میں صرف ایک نگ ہو وہ جائز ہے، اگر ایک سے زیادہ نگ ہوں تو وہ انگوٹھی پہننا جائز نہیں۔ فتاوی رضویہ میں ہے: ”ہاتھ خواہ پاؤں میں تانبے، سونے، چاندی، پیتل لوہے کے چھلّے یا کان میں بالی یا بُندا یا سونے خواہ تانبے پیتل لوہے کی انگوٹھی اگرچہ ایک تار کی ہو یا ساڑھے چار ماشے چاندی یا کئی نگ کی انگوٹھی یا کئی انگوٹھیاں اگرچہ سب مل کر ایک ہی ماشہ کی ہوں کہ یہ سب چیزیں مردوں کو حرام وناجائز ہیں اور ان سے نماز مکروہ تحریمی۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 7، صفحہ 307)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

23 ذوالقعدہ 1444ھ 13 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

93

اپنی خاطر جو بنایا آپ ہیں

سوال: اس شعر کا حکم بتادیں "آپ کی خاطر بنائے دو جہاں اپنی خاطر جو بنایا آپ ہیں"؟

USER ID: ارسلان قادری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

یہ شعر تاج الشریعہ مفتی اختر رضان خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ہے اور اس شعر میں کوئی حرج نہیں بلکہ یہ شعر احادیث کی ترجمانی کرتا ہے۔ حدیث پاک میں ہے: "لولا محمد ما خلقت آدم ولولا محمد ما خلقت الجنۃ ولا النار" ترجمہ: اگر محمد نہ ہوتے تو میں آدم کو پیدا نہ کرتا اور اگر محمد نہ ہوتے تو میں جنت ودوزخ کو بھی پیدا نہ کرتا۔ (المستدرک، جلد2، صفحہ 671)

اعلی حضرت لکھتے ہیں: "خدا کی رضا چاہتے ہیں تو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد"

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ 1444ھ 14 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267

بھنگ پینا کیسا

USER ID: خواجہ حسان

سوال: بھنگ پینا کیسا؟

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بھنگ کو بطور نشہ استعمال کرنا حرام ہے، اسی طرح بطور شوق وعادت کے پینا اگرچہ کم مقدار میں ہو جائز نہیں البتہ علاج کی غرض سے کسی نسخے میں قلیل مقدار میں استعمال کرنا جس سے نشہ نہ ہو ضرورت کی بنا پر جائز ہے۔ امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "نشہ بازی بنگ یا افیون کسی بلا سے ہو مطلقا کبیرہ (گناہ) ہے۔ اشیاء جن کی خشکی میں نشہ ہے، ان کا نشہ حرام ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 25، صفحہ 207)

اسی جلد میں ہے: "شوق کی راہ سے بطورِ مشغلہ کھانا جس طرح عام کھانے والے اپنے پیچھے لَت لگا لیتے ہیں، مطلقا جائز نہیں، اگرچہ نشہ نہ کرے، اگرچہ بوجہ اپنی قلت کے اس قابل ہی نہ ہو۔ کھانے والے کی خاص نیت سے خدا کو خبر ہے، بعض دوا کا نرا بہانہ ہی کرتے ہیں، انہیں مفتی کا فتویٰ نفع نہ دے گا۔" (فتاوی رضویہ، جلد 25، صفحہ 78، 77)

بہار شریعت میں ہے: "اور اگر کمی کے ساتھ اتنی استعمال کی گئی کہ عقل میں فتور نہیں آیا جیسا کہ بعض نسخوں میں افیون قلیل جز ہوتا ہے کہ فی خوراک اس کا اِتنا خفیف جز ہوتا ہے کہ استعمال کرنے والے کو پتا بھی نہیں چلتا کہ افیون کھائی ہے اس میں حرج نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 673)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

25 ذوالقعدہ 1444ھ 15 جون 2023ء

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

95

درخت سے گرا ہوا پھل کھانا

سوال: اگر درخت سے پھل گر گیا ہو تو کیا مالک کی اجازت کے بغیر کھا سکتے ہیں؟

USER ID: یعقوب احمد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

مالک کی اجازت کے بغیر درخت کا گرا ہوا پھل کھانا بھی جائز نہیں ہاں اگر معلوم ہو کہ گرے ہوئے پھلوں کے کھانے کی مالک کی طرف سے اجازت ہے یا وہاں عرف و عادت ہو کہ مالک کو ناگوار نہیں ہوتا تو جائز ہے ورنہ نہیں۔ بہار شریعت میں ہے: "درختوں سے پھل توڑ کر کھانے کی اجازت نہیں، مگر جبکہ پھلوں کی کثرت ہو معلوم ہو کہ توڑ کر کھانے میں بھی مالک کو ناگواری نہیں ہوگی تو توڑ کر بھی کھا سکتا ہے، مگر کسی صورت میں یہ اجازت نہیں کہ وہاں سے پھل اٹھالائے۔ ان سب صورتوں میں عرف و عادت کا لحاظ ہے اور اگر عرف و عادت نہ ہو یا معلوم ہو کہ مالک کو ناگواری ہوگی تو کھانا جائز نہیں۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 380)

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

26ذوالقعدہ1444ھ 16جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

96

نو مسلم کا ختنہ

سوال: اگر کوئی غیر مسلم اسلام قبول کرتا ہے تو اس کو ختنہ کروانا ضروری ہے؟

USER ID: اکرام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوہاب اللھم ہدایۃ الحق والصواب

ختنہ سنت مؤکدہ اور شعار اسلام سے ہے لہذا نو مسلم کو ختنہ کا حکم دیا جائے گا۔ اس کی چند صورتیں ہیں، اگر خود کر سکتا ہے تو کرے یا کسی ایسی عورت سے نکاح کرے جو ختنہ کرنا جانتی ہو اگر ایسی صورت نہیں تو ڈاکٹر سے کروالے کیونکہ بوقت ضرورت بقدر حاجت ستر کھولنا جائز ہے۔ اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "ہاں اگر خود کر سکتا ہو تو آپ اپنے ہاتھ سے کرلے یا کوئی عورت جو اس کام کو کر سکتی ہو ممکن ہو تو اس سے نکاح کرادیا جائے وہ ختنہ کردے۔۔۔۔ اگر یہ تینوں صورتیں نہ ہو سکیں تو حجام ختنہ کردے کہ ایسی ضرورت کے لئے ستر دیکھنا دکھانا منع نہیں۔"

(فتاوی رضویہ، جلد 22، صفحہ 593)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

28 ذوالقعدہ 1444ھ 18 جون 2023ء

آن لائن
الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

97

ڈنکی لگا کر باہر جانا

سوال: ڈنکی لگا کر باہر جانا کیسا یعنی غیر قانونی طریقے سے دوسرے ملک جانا؟

USER ID: فیضان رضوی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

ڈنکی لگا کر باہر جانا شرعاً ناجائز و گناہ ہے اور قانوناً بھی جرم ہے۔ اس طرح غیر قانونی طور پر باہر جانے میں رشوت کا لین دین، دھوکہ، جھوٹ، اپنے آپ کو ذلت پر پیش کرنا اور دیگر کئی گناہوں کا ارتکاب کرنا پڑتا ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے: "کسی ایسے امر کا ارتکاب جو قانوناً، ناجائز ہو اور جرم کی حد تک پہنچے شرعاً بھی ناجائز ہوگا کہ ایسی بات کے لئے جرم قانونی کا مرتکب ہو کر اپنے آپ کو سزا اور ذلت کے لئے پیش کرنا شرعاً بھی روا نہیں۔۔۔ الخ"

(فتاوی رضویہ، جلد20، صفحہ 192)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبـــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

29ذوالقعدہ1444ھ 19 جون 2023ء

وراثت

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

آن لائن

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی

98

شوہر 2 بیٹے 4 بیٹیوں میں وراثت

سوال: ایک عورت کا انتقال ہوا اس کے والدین پہلے وفات پاچکے ہیں اس کا شوہر 2 بیٹے اور 4 بیٹیاں ہیں وراثت کیسے تقسیم ہو گی؟

USER ID: محمد حاشر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بیان کردہ معلومات درست ہیں تو قرض کی ادائیگی اور وصیت کے نفاذ کے بعد کل مال کے 32 حصے ہوں گے جس میں سے شوہر کو 8 ہر بیٹی کو 3 اور ہر بیٹے کو 6 حصے ملیں گے۔

مسئلہ از 4x8=32 میــــــــــــــــــــــــت

2 بیٹے	4 بیٹیاں	شوہر
عصبــــــــــــــــــــــــــہ		ربع
3		1
لکل: 6	لکل: 3	8

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

26 شوال المکرم 1444ھ 17 مئی 2023ء

ورثا کے لئے وصیت

سوال: ایک شخص نے اپنے مال میں سے بیٹی اور بیوی کے لئے ایک حصے کی وصیت کی اور باقی سارے مال کی وصیت پوتوں کے لئے کی اس وقت اس کا اپنا بیٹا حیات تھا اب وصیت کرنے والے کا انتقال ہو گیا ہے مال بھی تقسیم ہو گیا کیا وصیت نافذ ہو گی؟ USER ID: محمد احسان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

بیان کی گئی صورت میں چونکہ پوتے وارث نہیں بن رہے لہذا قرض کی ادائیگی کے بعد بچنے والے مال میں سے ایک تہائی میں یہ وصیت ان کے حق میں نافذ ہو گی اگرچہ وراثت تقسیم ہو گئی ہو، لیکن چونکہ شرعی اعتبار سے ایک تہائی سے زیادہ کی وصیت کرنا اور ورثا کے حق میں وصیت کرنا جائز نہیں ہوتا لہذا پوتوں کے لئے ایک تہائی سے زیادہ کی وصیت اور بیوی اور بیٹی کے لئے کی گئی وصیت اس وقت تک نافذ نہیں ہو گی جب تک تمام وارثین (جو اس صورت میں میت کے مال کے حقدار ہیں) جو بالغ اور اجازت دینے کے اہل بھی ہوں وہ اجازت نہ دے دیں۔ بہار شریعت میں ہے: "وصیت ثلث مال سے زیادہ کی جائز نہیں مگر یہ کہ وارث اگر بالغ ہیں اور نابالغ یا مجنون نہیں، اور وہ موصی کی موت کے بعد ثلث مال سے زائد کی وصیت جائز کر دیں تو صحیح ہے۔۔۔ وارث کے لئے وصیت جائز نہیں مگر اس صورت میں جائز ہے کہ وارث اس کی اجازت دیدیں اور اگر کسی نے وارث اور اجنبی دونوں کے لئے وصیت کی تو اجنبی کے حق میں صحیح ہے اور وارث کے حق میں ورثہ کی اجازت پر موقوف رہے گی اگر انھوں نے جائز کر دی تو جائز ہے اور اجازت نہیں دی تو باطل۔" (بہار شریعت، جلد 3، صفحہ 938)

واللہ اعلم عزوجل و رسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــــــــــــــــہ

ابو البنات فراز عطاری مدنی

27 شوال المکرم 1444ھ 18 مئی 2023ء

قرآن و فقہ کی تعلیم کا مرکز

الرضا قرآن وفقہ اکیڈمی آن لائن

100 والدہ چار بیٹوں اور ایک بیٹی میں وراثت

سوال: میرے والد صاحب کا انتقال ہو گیا ہے ہم 4 بھائی 1 بہن اور والدہ ہیں وراثت کیسے تقسیم ہو گی؟ والد کے والدین فوت ہو چکے ہیں اور ان کی نہ کوئی وصیت ہے۔ قرض ادا کر چکے ہیں۔

USER ID: محمد یاسر عباسی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بعون الملک الوھاب اللھم ھدایۃ الحق والصواب

اگر بیان کردہ معلومات درست ہیں تو کل مال کے 72 حصے ہوں گے جس میں سے بیوہ کو 9، ہر بیٹے کو 14 اور بیٹی کو 7 حصے ملیں گے۔

مسئلہ از 8x9=72 میــــــــــــــــت

بیوی	4 بیٹے	1 بیٹی
ثمن	عصبــــــــــــــــہ	
1	7	
9	لکل:14	7

واللہ اعلم عزوجل ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبــــــــــــــــہ

ابوالبنات فراز عطاری مدنی

24 ذوالقعدہ 1444ھ 14 جون 2023ء

Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
Al Raza Quran-o-Fiqh Academy
www.arqfacademy.com
Fiqhi Masail Group فقہی مسائل گروپ
Phone No:+923471992267